

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://novel.elife.com.pk

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

اب کے بچھڑے تو شاید

از قلم

محمد وسیم بلوچ

یہ کہانی نہیں ایک قصہ ہے جس کا مرکزی کردار اپنے خواب پورے کرنے کے لیے ناجانے کتنی اذیتوں سے اور مشکلوں گزرتا ہے کیونکہ خواب ہمیشہ قربانیاں دے کر پورے کیے جاتے ہیں_____ اپنا سکون_____ برباد کرنا پڑتا ہے_____ اپنی نیندیں گنوانا پڑتی ہیں کیونکہ جاگتی آنکھوں سے دیکھے جانے والے خواب اکثر ادھورے رہ جاتے ہیں!!

احسن لاہور شہر کے ایک گاؤں خان پور میں رہتا تھا وہ 3 بھائی اور ان کی ایک بہن تھے بڑا محبوب اس سے چھوٹا احسن اور سب سے چھوٹا سعد تھا اور بہن ثناسب سے بڑی تھی_____ اس کا باپ توصیف احمد جو ٹھیکے پہ لے کر زمینوں پر کھتی باڑی کرتا تھا اس کا ایک چھوٹا بھائی تھا ثمر عباس جس کے 3 بچے تھے دو بیٹے اور بیٹی بڑا بیٹا قمر عباس اور اس سے چھوٹی بیٹی تہمینہ اور سب سے آخر میں صابر علی تھا دونوں بھائی اکٹھے ہی رہتے تھے جس کی وجہ سے ان کے بچے بھی ایک دوسرے کے ساتھ کافی اٹیچ تھے اور دیکھنے والوں کو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بلکل گمان نہیں ہوتا تھا کہ یہ سب کزنز ہیں بلکہ وہ سب مل کر بھائیوں کی طرح رہتے تھے_____!!

محبوب پڑھائی میں تھوڑا ڈھیلا تھا اس نے پڑھائی ادھوری چھوڑ کر باپ کے ساتھ کھیتوں میں کام شروع کر دیا جب کہ احسن شروع سے ہی پڑھائی میں تیز تھا اور اسے پڑھنے کا شوق بھی تھا اس لیے وہ پورے خاندان میں سب کی گڈ بک میں شامل تھا_____ اور اپنے چھوٹے بھائی اور کزن صابر علی کے ساتھ سکول جاتا تھا کیونکہ قمر عباس نے بھی پڑھائی ادھوری چھوڑ دی تھی اس لیے وہ بھی اپنے تایا اور باپ کے ساتھ مل کر کام کرتا تھا_____ سب کزنز پڑھائی میں تو تیز تھے ہی لیکن شرارتی بھی بہت تھے اور اکثر کسی نا کسی کے ساتھ ان کا پھڈا ہو جاتا تھا لیکن احسن کیونکہ ان کا لیڈر تھا وہ سب کو ڈرا کے رکھتا تھا_____ کہ خبردار اگر کسی نے گھر میں کسی کو بتایا تو!!

احسن صابر اور سعد کے ساتھ ان کے کچھ کزن بھی ان کے ساتھ سکول جا رہے تھے احسن اس وقت چھٹی کلاس میں تھا اور باقی کچی پکی میں پڑھتے تھے_____!!!

اوئے سعد تجھے سبق یاد ہے؟؟

احسن نے سکول بیگ پہنا ہوا تھا اور چلتے چلتے پوچھا_____!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بھائی سبق تو یاد نہیں ہے___؟؟

سعد نے جواب دیا

اور صابر تجھے یاد ہے؟؟

!!!اس نے صابر کی طرف منہ کر کے پوچھا

!!!نہیں بھائی میرا تو آج ٹیسٹ اور مجھے بلکل بھی یاد نہیں ہے

صابر نے برا سا منہ بنایا

!!____ہونہہ.....اس کا مطلب ہے آج تو سکول نہیں جانا چاہیے

!!_____اس کے شیطانی دماغ میں آئیڈیا آیا

لیکن بھائی گھر سے مار پڑے گی اگر سکول ناگے تو_____؟؟

!!____سعد نے مشکل بیان کی

!!!...اس کا حل بھی ہے میرے پاس

احسن نے کچھ سوچتے ہوئے کہا

وہ کیا؟؟

!!____سب نے بیک زبان ہو کر کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہم کہہ دیں گے کہ ہم لیٹ ہو گے تھے_____اور جب تک سکول پہنچے گیٹ بند ہو چکا تھا_____!!

لیکن بھائی گیٹ تو کھولا رہتا ہے_____!!

ایک نے سوال اٹھایا

چل اوئے تو بڑا سیانا ہے_____یہ ہمیں پتہ ہے کہ گیٹ کھلا ہوتا ہے گھر والوں کو نہیں وڈا آیا آئن سٹائن.....!!

احسن نے اسے ڈانٹ دیا

آپ نے جانا ہے تو جاؤ میں نہیں جاؤں گا واپس_____!!!

سعد نے گھر جانے سے انکار کر دیا!!

کیوں تجھے سبق یاد ہے؟؟؟

احسن نے غصے سے پوچھا!!

اس نے نفی میں سر ہلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو جا پھر جا کر ڈنڈے کھا_____ جب کان پکڑا کر ڈنڈے پڑے نا تو نانی یاد آ جائے گی____ !!

احسن نے اس کو ڈرایا____ !!

لیکن ابو یا چاچو کو پتہ چل گیا تو پھر صرف نانی نہیں____ اور بھی بہت کچھ یاد آ جائے گا____ !!

صابر نے ڈرتے ڈرتے کہا____ !!

یار ایک تو تم ڈرتے بہت ہو..... بزدل کہیں کے یار ابو اور چاچو کو میں جواب دوں گا_____ !!

احسن نے انہیں مطمئن کرنا چاہا

قمر بھائی تو الٹا لٹا دے گا_____

سعد نے گھبرا کر کہا

کک..... کیا بکواس کر رہے ہو اس کو کون بتائے گا_____ اور خبردار اب کسی نے چوں چاں کی تو واپس گھر چلو میں سب سنبھال لوں گا.... !!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

قمر کا نام سن کر وہ بھی گھبرا گیا تھا کیونکہ پورے خاندان کے بچے سب سے زیادہ جس سے ڈرتے تھے وہ قمر تھا _____!!

احسن نے ڈرا دھمکا کر ان سب کو راضی کر لیا اور وہ سب گھر کو واپس چلے گے اور یہ پہلی بات نہیں ہوا تھا جب بھی اس کو سبق یاد نہیں ہوتا تھا وہ اکثر کوئی نا کوئی بہانہ کر کے گھر چلے جاتے تھے

ماہم بیٹا کیا کر رہی ہو؟؟

ماہم کی ماں نے اس کو آواز دی

_____ماما ہوم ورک کر رہی ہوں اتنا زیادہ ہے نا کہ میں تھک گئی ہوں!!!

ماہم نے روہانسی شکل بنائی

_____میری جان میری گڑیا _____میری پاری سی بچی کھانا تو کھالو!!

ماہم کی ماں حنا نے کہا

ماہم احسن کی خالہ کی بیٹی تھی اور اس کا باپ اکبر علی فوج میں میجر تھا ____ وہ دو بہنیں تھی ماہم اور مایا ان کا کوئی بھائی نہیں تھا وہ ایبٹ آباد میں اپنے باپ کے ساتھ رہتے تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ اس باپ میجر اکبر علی کا ٹرانسفر کچھ عرصہ پہلے لاہور سے ایبٹ آباد میں ہو گیا تھا_____!!

ماما تو میرا کام کون کرے گا_____!!

ماہم نے بے بسی سے کہا

جانی وہ تم کھانے کے بعد کر لینا_____!!

حنا نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا اور کھانے کی میز پر لے گئی جہاں مایا پہلے سے ہی موجود تھی_____!!!

ماما ہم خالہ شہناز کے پاس کب جائیں گے؟؟؟

مایا نے کھانے کھاتے وقت سوال کیا_____!!

جائیں گے لیکن جب آپ لوگوں کو سکول سے چھٹیاں ہو نگی تب_____!!

حنا نے کھانا پلیٹ میں ڈالتے ہوئے جواب دیا_____!!

ماما پچھلی بار بھی آپ نے یہی کہا تھا اور لے کر نہیں گئی تھی_____!!

ماہم نے شکوہ کیا_____!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس بار تو پکا لے جاؤں گئی کیونکہ تمہاری خالہ کہہ رہی تھی ماہم اور مایا کو لے آوان کا بڑا دل کر رہا ہے_____!!

حنا نے جواب دیا_____!!

تو پھر ٹھیک ہے اگلے مہینے ہمیں سردی کی چھٹیاں ہو رہی ہیں_____ پھر چلیں گے_____!!

ماہم نے خوش ہو کر کہا

انشاءاللہ ضرور_____!!

حنا نے پیار ماہم کے گالوں پر پیار کیا_____!!

ماہم اور مایا کو گاؤں جانے کا بڑا شوق تھا وہ اکثر ماں سے گاؤں اور وہاں کے لوگوں کے بارے میں سنتی تھیں تو وہ خان پور گاؤں جانے کے لیے اور بے تاب ہو جاتی_____!!!!

احسن کل سکول کیوں نہیں آئے تھے؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوسرے دن سکول میں آنے پر استاد نے کلاس شروع کرنے سے پہلے سوال

!!!_____ کیا

!!_____ سس..... سر وہ مجھے بخار ہو گیا تھا

اس نے جلدی سے بہانہ بنایا

!!_____ تمہاری شکل دیکھ کر تو نہیں لگتا کہ تمہیں بخار تھا

!!____ استاد نے عینک کو تھوڑا نیچے کھسکایا اور احسن کو غور سے دیکھ کر کہا

!!____ نن..... نہیں سر وہ دوائی لی تھی اس لیے ٹھیک ہو گیا تھا

احسن نے ایک اور جھوٹ بولا

لیکن یار تم تو کہہ رہے تھے کہ تم نانی اماں کے گھر گئے تھے؟؟

!!____ اس کے کلاس فیلو اور دوست افتخار اچانک بیچ میں بول پڑا

افتخار نے بیچ رستے میں اس کا بھانڈہ پھوڑ دیا_____ احسن کا دل کر رہا تھا کہ کوئی چیز اٹھا کہ

!!_____ اس کے سر میں دے مارے

ہا..... ہاں دوائی لینے کے بعد وہاں بھی گیا تھا_____ بب... بتایا نہیں تھا

!!.... تمہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن نے افتخار کو آنکھ ماری_ لیکن وہ آنکھ استاد صاحب نے دیکھ لی اور پھر کان پکڑا کر وہ

!!____ چھترول کی کہ بس.....کیا کہیں

!!_____ کمینے دو منٹ چپ نہیں رہہ سکتا تھا

احسن نے اپنی بیک کو سہلاتے ہوئے کہا

تم نے مجھ سے جھوٹ کیوں بولا تھا کمینے_____ اس لیے تجھے پکڑوایا ہے آئندہ جھوٹ

!!_____ بولا تو ایسا ہی کروں گا

!!____ افتخار نے اپنا منہ اس کے کان کے نزدیک کر کے کہا

باہر تو بچے تیرا بندوبست تو میں کرتا ہوں_____ دیکھ ظالم انسان مجھے سے سہی طرح بیٹھا

!!____ بھی نہیں جا رہا

احسن نے دھمکی دی

افتخار کیا کھسر پھسر کر رہے ہو؟؟؟

استاد محترم نے غصے سے پکارا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سس..... سر جی وہ..... وہ احسن کہہ رہا ہے کہ تو باہر نکل میں تیرا بندوبست کرتا ہوں_____!!

افتخار نے ایک بار پھر بھانڈہ پھوڑ دیا_____!!

اچھا_____ اس کی یہ جرات اس کا تو بندوبست میں کرتا ہوں_____!!

استاد محترم نے ہاتھ میں پکڑی کتاب رکھ کر چھڑی سنبھال لی___!!

اور اب کی بار تو..... چیخوں کی آواز دوسری کلاسوں نے بھی سنی_____ جب کہ اس کے کچھ کلاس فیلو منہ کے آگے ہاتھ رکھ کہ اپنی ہنسی کو بمشکل روکے ہوئے تھے اور ان میں افتخار بھی شامل تھا

ظالم انسان_____ دھمکی والی بات سر کو بتانے کی کیا ضرورت تھی_____!!

احسن نے اپنے ایک کندھے کو دباتے ہوئے کہا_____!!

اور تمہیں مجھے سے جھوٹ بولنے کی کیا ضرورت تھی_____!!

افتخار نے فوری جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____ آئندہ نہیں بولوں گا_____ چیف جسٹس افتخار چوہدری صاحب

احسن نے کراہتے ہوئے جواب دیا

!!____ افتخار نے ایک بار پھر اپنے منہ پہ ہاتھ رکھ کر اپنی ہنسی روکی

اچھا_____ تو تجھے ہنسی آرہی ہے میں درد سے مرا جارہا ہوں اور تو دانت نکال رہا

!!_____ ہے

احسن کا پارہ ہائی ہو گیا اور وہ افتخار کی طرف دوڑا لیکن وہ اس کے ارادے جان کر بھاگ

!!!_____ گیا

!!_____ بھیڑے نما انسان_____ تجھے نہیں چھوڑوں گا

احسن نے پیچھے سے اونچی آواز میں کہا

تم لوگ بتیس کیوں دیکھا رہے ہو_____ ؟؟

!!____ اس نے سعد اور صابر کو ہنستے دیکھ کر غصے سے کہا

!!____ ادھر آو اور مجھے اپنے کندھے ہاتھ رکھ کر چلنے دو

!!....اس نے سعد اور صابر کو پاس بلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____ہائے.....اب میں کئی دنوں تک سیدھا نہیں سو سکوں گا

اس نے درد سے کراہتے ہوئے کہا

اور اس کے ساتھ ساتھ اس کو سہارا دے کر چلنے والے صابر اور سعد دل ہی دل میں مسکرا

!!_____رہے تھے

احسن بیٹا کیا بات ہے تم سہی سے بیٹھ کیوں نہیں؟؟

!!_____اس کی ماں نے احسن کو بار بار سائیڈیں بدلتے دیکھ کر پوچھا

!!_____کک.....کچھ نہیں امی وہ بس ایسے ہی

!!_____احسن نے بات کو ٹالنے کی کوشش کی

امی احسن کو آج سکول سے بہت مار پڑی ہے_____اس لیے یہ سہی سے بیٹھ بھی نہیں

!!_____سکتا

!!_____سعد نے ماں کے سامنے بھانڈہ پھوڑ دیا

ہائے اللہ_____کیوں مارا میرے بچے کو....؟؟

!!_____اس کی ماں شہناز نے دل پر ہاتھ رکھ لیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!....اب یہ تو آپ اپنے بچے سے ہی پوچھیں

سعد نے سر جھکا کر کھانا شروع کر دیا

!!____ احسن نے اس کو کھا جانے والی نظروں سے گھورا

احسن بیٹا کیوں مارا ہے استاد نے.....؟؟

ماں اٹھ کر اس کے پاس آ گی

!!_____ کک.....کچھ نہیں امی وہ سبق یاد نہیں تھا آج اس لیے

!!____ احسن نظریں چرا کر ادھر ادھر دیکھنے لگا

سعد نے نظریں اٹھا کر حیرت سے احسن کو دیکھا____ جواب میں احسن نے آنکھوں ہی آنکھوں میں بولنے پر برے انجام کی دھمکی دی اور وہ سر جھکا کر کھانا کھانے لگ

!!!....گیا

اس سے پہلے کہ کوئی کچھ کہتا احسن کی خالہ حنا ابیٹ آباد سے آ گئی_____ شہناز اچانک

!!!____ بہن اور بھانجیوں کو دیکھ کر خوشی سے کھل اٹھیں

!!!_____ بسم اللہ_____ بسم اللہ میری پیاری پیاری بچیاں خالہ سے ملنے آئی ہیں

!!_____ شہناز نے ماہم اور مایا کو گلے سے لگا کر پیار کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____اور شکر ہے آپ کو ہماری یاد بھی آگئی

!!!.....شہناز نے حنا سے گلے ملتے وقت شکوہ کیا

سب سے میل ملاقات کے بعد مہمانوں کے لیے اسپیشل کھانے پکانے کا کام شروع ہو

!!_____گیا_____ماہم اور مایا بھی بچوں کے ساتھ کھیل کود میں مصروف ہو گئی

!!!_____

ماہم تم کون سی کلاس میں پڑھتی ہو_____؟؟؟

سعد نے سوال کیا

سب بچے ماہم اور مایا کہ آنے سے بہت خوش تھے اور سب ایک ہی جگہ پر اکھٹے ہو کر کھیل

!!!_____رہے تھے

!!!! کلاس میں پڑھتی ہوں sixth میں

!!_____ماہم نے جواب دیا

!!!_____اوئے چھیویں جماعت اچ پڑھدی او

ظہیر نے جو کہ ان کا کزن تھا صابر کے کان میں کہا لیکن اس کی آواز اتنی اونچی تھی کہ وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات ماہم اور مایا نے بھی سن لی_____ یہ الگ بات ہے کہ اس کی بات ان کے سر کے اوپر سے گزر گئی_____ !!

احسن یہ کیا کہہ رہا ہے؟؟

ماہم نے حیرت سے سوال کیا_____ !!

وہ.....وہ کہہ رہا ہے کہ ابھی تو آپ اتنی چھوٹی ہیں اور چھٹی جماعت میں بھی پہنچ گئی ہیں_____ !!

احسن نے جان بوجھ کر سہی ترجمہ نہیں کیا_____ !!!

لیکن یہ کیا بول رہا تھا مجھے کیوں نہیں سمجھ آئی_____ !!

ماہم نے پھر سوال کیا_____ !!

آپ کو اس لیے سمجھ نہیں آئی کہ اس نے پنجابی میں بات کی تھی_____ !!

اوا چھا_____ مجھے بھی پنجابی سیکھنی ہے_____ !!

اس نے بات کو سمجھتے ہوئے سر ہلایا_____ !!

وہ تو میں سکھا دوں گا_____ !!

احسن نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا_____ !!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناجانے کیوں بار بار اس کی نظریں اس کے معصوم چہرے پر آکر ٹھہر جاتی تھیں

!!!_____اور اسے یہ سب بہت اچھا لگ رہا تھا

!!!_____

کچھ دن وہاں گزارنے کے بعد حنا ماہم اور مایا کو لے کر وہاں سے چلی گئی_____ماہم اور مایا جتنے دن وہاں رہیں احسن ہمیشہ ماہم کے ساتھ رہتا تھا ہر وقت اس کے آگے پیچھے گھومتا رہتا تھا ان کے جانے سے احسن تھوڑا اداس ہوا کیونکہ کچھ ہی دنوں میں احسن کو ماہم سے انسیت سی ہو گئی تھی ان کے جانے کے بعد بھی وہ اکثر سعد اور صابر سے ان کا ذکر کرتا تھا _____سعد صابر اور احسن سب ایک دوجے سے ہر بات شئر کرتے تھے_____اسی طرح دن گزرتے گئے اور دن ہفتوں, ہفتے مہینوں میں اور مہینے سالو میں بدلتے گئے_____اس دوران ماہم اور مایا 2 بار لاہور ملنے آئیں اور 1 بار احسن ان کے پاس گیا_____اور جیسے جیسے احسن اور ماہم بڑے ہوتے جا رہے تھے احسن کی پسندیدگی _____ماہم کے لیے بڑھتی جا رہی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور وہ اس جزبے کو کوئی بھی نام دینے سے قاصر تھا سعد اور صابر اب اکثر اسے ماہم کا نام لے کر تنگ کرتے تھے کیونکہ وہ اس کی ماہم کے لیے پسندیدگی سے واقف تھے کیونکہ احسن اب شاعری بھی کرنے لگ گیا لیکن اور ان سب باتوں سے بے خبر تھی

کچھ عرصے بعد احسن کی بہن ثنا کی شادی ان کے چچازاد اور سب سے بڑے کزن قمر عباس سے ہو گی _____ ماہم اور مایا بھی شادی آئی تھیں _____ شادی سے واپس جانے کے بعد اب احسن کی حالت پہلے سے بھی زیادہ بری تھی وہ کالج سے واپسی کے بعد اکثر کاپی اور پینسل لے کر بیٹھ جاتا اور شاعری لکھتا رہتا اور گھر والے بے چارے تو یہی سمجھتے کہ وہ پڑھائی کر رہا لیکن وہ تو کسی اور ہی پڑھائی کی طرف چل پڑا تھا _____ وہ اکثر ماہم کی وہ بات یاد کر کے مسکراتا رہتا جب ماہم اور مایا واپس جا رہی تھیں تو احسن نے پوچھا تھا _____ !!!

پھر کب آؤ گی؟؟

!! ____ ہونہہ.....اب کی بار محبوب بھائی کی شادی پر ملاقات ہو گئی

!!...اور پھر وہ خود ہی اپنی بات پر کھل کھلا کر ہنس پڑی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی دن سے احسن کو بھائی کی شادی کا انتظار تھا_____ اور وہ اکثر ماں اور بہن سے پوچھتا بھی رہتا_____ !!

امی محبوب بھائی کی شادی کب کر رہی ہیں_____ !!

کیوں تمہیں کس بات کی جلدی ہے؟؟؟

ماں الٹا سوال کرتی____ !!

امی احسن کو بھائی کی شادی کی نہیں اپنی شادی کی جلدی ہے_____ کیونکہ محبوب بھائی کی شادی ہو گی_____ تبھی تو اس کا نمبر آئے گا_____ !!

ثنا اس کی بات کا جواب دیتی اور وہ منہ بسور کے وہاں چلا جاتا

کیا کر رہے ہو احسن کالج نہیں جانا؟؟

سعد نے احسن کو جھنجھوڑا___ وہ ابھی تک سو رہا تھا

نا کر سونے دے یار نیند آ رہی ہے____ !!

احسن سائیڈ بدل کر سو گیا_____ !!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....ماہم کا فون آیا تھا

!!____ سعد نے جزباتی حملہ کیا

!!!کک.....کیا کہہ رہی تھی وہ مم.....میرا نہیں پوچھا اس نے؟؟

!!!_____ سعد کا حملہ کامیاب رہا اور وہ جلدی سے اٹھ کر بیٹھ گیا

نہیں_____ بلکل بھی نہیں پوچھا

سعد نے ٹکا سا جواب دیا

تو پھر کیا کہہ رہی تھی؟؟

احسن نے سوال کیا

!!....یہی کہ محبوب بھائی کی شادی پر آئیں گی

!!...سعد نے لاپروائی سے کہا

!!....اب تو بس محبوب بھائی کی شادی کا انتظار ہے پتہ نہیں کب ہو گی

!!!....احسن نے حسرت بھرے لہجے میں کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو پھر تیاری کر لو باس بھائی کی شادی بہت جلد بڑے دھوم دھام سے ہونے والی ہے

!!!_____

سعد نے خوشخبری سنائی

کیا.....؟؟؟سچ کہہ رہے جھوٹ تو نہیں بول رہے؟؟؟

!!____ احسن خوش سے نہال ہو گیا

!!!...ہاں تیری قسم سچ کہہ رہا ہوں

سعد نے مسکرا کر جواب دیا

احسن نے خوشی کے عالم میں اٹھ کر سعد کو گلے لگا لیا

کچھ دن بعد محبوب کی شادی کی تاریخ طے کر دی گئی پندرہ دن بعد شادی کی تاریخ رکھ دی گئی پورے خاندان میں جوش و خروش سے تیاریاں جاری تھیں_____ احسن کچھ زیادہ ہی پر جوش تھا کیونکہ شادی پر ماہم بھی آ رہی تھی_____!!!

احسن کیا ہو رہا؟؟

!!_____ صابر نے سر جھکائے بیٹھے احسن سے پوچھا وہ کاپی پر کچھ لکھنے میں مصروف تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!_____کچھ نہیں یار بس کچھ شعر یاد آئے تھے سو وہی لکھ رہا تھا

!!...احسن نے جواب دیا

!!_____یار ہمیشہ اکیلے بیٹھ کے لکھتے رہتے ہو کبھی ہمیں بھی کچھ سنا دیا کرو

!!_____ صابر نے اس کے ہاتھ میں پکڑی کاپی پر دیکھنا چاہا

!!_____سناؤں گا ضرور سناؤں لیکن ابھی نہیں

!!_____احسن نے کاپی کو بند کر کے رکھ دیا

!!!_____مجھے پتہ ہے تم یہ سب کس کے لیے لکھتے ہو

صابر نے مسکرا کر کہا

کس کے لیے لکھ رہا ہوں؟

!!...احسن نے حیرت سے پوچھا

!!!....ماہم کے لیے

اس نے مختصراً کہا

!!_____احسن مسکرایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پتہ نہیں یار میں شاید پاگل ہوں جو اس کے بارے میں سوچتا رہتا ہوں _____ حالانکہ یہ بھی جانتا ہوں کہ میں اس کے معیار کا نہیں ہوں _____ کہاں وہ کوٹھیوں اور بنگلوں میں پلنے والی نازک اندام سی لڑکی _____ جس کے ہزاروں خواب ہوں گے _____ اور کہاں میں ایک عام سا لڑکا..... جس کے خواب اس کی اوقات سے بہت بڑے ہیں _____ اور وہ اتنی خاص لڑکی اندازہ کرو اس کے خواب کتنے بڑے ہونگے _____ اس کے خوابوں میں میرے جیسوں کی جگہ کہاں بنتی ہے _____ !!

اس کے لہجے سے اس کا پیار اور اس کی بے بسی جھلک رہی تھی _____ !!!

مجبت کرنے لگے ہو اس سے ؟؟؟

صابر نے سوال کیا

احسن نے اس کی طرف مسکرا کر دیکھا _____ !!

پتہ نہیں یہ محبت ہے یا عقیدت یا پھر عزت لیکن یہ بات طے ہے کہ کوئی دوسرا کبھی اس کی جگہ نا لے سکا ہے اور نا ہی لے گا _____ !!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو اسے بتا کیوں نہیں دیتے کہ تم اس سے محبت کرتے ہو؟؟؟

صابر نے پوچھا

ڈرتا ہوں اگر اس نے انکار کر دیا تو؟؟؟

!!!_____ احسن نے سوالیہ نظروں سے دیکھا

اور یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ وہ اس انتظار میں کہ تم کب اس سے اپنی محبت کا اظہار کرتے

!!_____ ہو

صابر نے اس کی آنکھوں میں آئے سوال کو پڑھ کر جواب دیا

!!!!اپنی طرف دیکھتا ہوں تو باز آجاتا ہوں

!!_____ احسن نے سنجیدگی سے جواب دیا

اپنی سوچ کو مثبت رکھو یار_____ محبت امیر اور غریب میں فرق نہیں کرتی_____ یہ

!!_____ کسی سے بھی ہو سکتی ہے ہو سکتا ہو اسے تم سے ہو جائے

صابر نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا_____ اور تھپکی دے کر چلا گیا_____ اور

احسن کا دل کر کر تھا کہ وہ صابر کی باتوں پر اعتبار کر لے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تیاریاں اپنے عروج پر تھی شادی میں دو دن باقی تھے اور قریبی مہمانوں کی آمد شروع ہو گئی تھی_____ احسن کی آنکھیں بار بار دروازے کی طرف اٹھ رہیں تھیں وہ بڑی بے چینی اور شدت سے ماہم کے آنے کا انتظار کر رہا تھا_____!!!

احسن.....!!

اس کے باپ نے آواز دی

جی ابو جان_____!!!

وہ بھاگتا ہوا باپ کے پاس گیا.....!!!

یار ایسا کرو تم شہر جاؤ وہاں سے کچھ سامان لانا ہے_____ لسٹ ثنا کے پاس ہے وہ بھی تمہارے ساتھ جائے گی...!!

توصیف احمد نے آرڈر دیا

احسن بے چارہ لہو کے گھونٹ پی کر رہ گیا_____ کیونکہ وہ آئیں بائیں شائیں کرنے کا انجام جانتا تھا_____ اس لیے مجبوراً اس کو ثنا کے ساتھ جانا پڑا.....!!!

ان کے جانے کے تھوڑی دیر بعد ہی ماہم اور مایا لوگوں کی گاڑی آ گئی اس بار ان کے ساتھ ان کا باپ میجر اکبر علی بھی تھا.....!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...ماہم اور مایا سب سے ملنے کے بعد آخر میں سعد اور صابر سے ہاتھ ملایا

!!...کیسے ہو Gay's ہیلو

اس نے پر جوش ہو کر کہا

!!!...جی اللہ پاک کا شکر ہے آپ سنائیں

!!...دونوں نے بیک زبان ہو کر کہا

!!....وہ کدھر ہے_____احسن

اس نے بولنے کے ساتھ ساتھ آنکھوں سے بھی اشارہ کیا

!!!...وہ تو باجی کے ساتھ مارکیٹ تک گیا کچھ سامان لینے کے لیے

!!!...سعد نے جواب دیا

ہونہہہہہ_____مہمان گھر پر آ گئے ہیں اور جناب مارکیٹیں گھوم رہے

!!!..... ہیں_____کرتی ہوں اس کا بندوبست

!!!_____اس نے دل ہی دل میں ایک پلان بنایا

!!!_____صابر سعد میری پاس ایک پلان ہے اس میں میرا ساتھ دو گئے

ماہم نے سوالیہ نظروں سے دونوں کو دیکھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!_____مایااور تہمینہ آپس میں گپ شپ لگا رہی تھی

!!_____ہاں بلکل ساتھ دیں گے آپ بتائیں کرنا کیا ہے

سعد نے جواب دیا

ماہم نے مایااور تہمینہ کو بھی پلان میں شامل کر لیا_____سب نے پلان پر عمل کرنے کا

!!!_____وعدہ کیا

کچھ دیر بعد احسن بھی مارکیٹ سے ہو کر آگیا اس نے گھر کے سامنے کھڑی گاڑی کو دیکھ لیا

!!...تھا کہ ان کی خالہ آگئی ہے اور صاف ظاہر تھا کہ ماہم بھی ساتھ ہوں گئ

وہ خوشی سے اچھلنے لگ لیکن اس نے کوشش کی کی خود کو نارمل رکھے_____وہ سامان

رکھ کر جلدی سے مہمانوں سے ملنے پہنچ گیا.....خالہ سے ملنے کے بعد وہ بھاگتا ہوا سعد

!!...اور صابر کے پاس پہنچ گیا جہاں مایااور تہمینہ بھی موجود تھیں

ہائے مایا کیسی ہو؟؟؟

!!...اس نے مایا سے اس کی خیریت دریافت کی

!!...السلام علیکم بھائی....آپ کیسے ہیں

!!...مایا نے جلدی سے سلام کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____جی اللہ پاک کرم میں بھی ٹھیک ہوں

!!_____پھر خاموشی چھا گئی اس کی نظریں شاید کسی کو ڈھونڈ رہیں تھی

کیا بات ہے بھائی کسی کو ڈھونڈ رہے ہیں؟؟

!!!....مایا نے پلان کے حساب سے سوال کیا

نن.....نہیں بس ایسے ہی.....اچھا وہ.....ماہم.....نظر نہیں آئی!!

!!____اس نے ایسے ظاہر کیا جیسے اس کو اچانک یاد آ گیا ہو

نہیں بھائی اس کے پیپر نزدیک ہیں اس لیے اس نے آنے سے منع کر دیا_____حالانکہ امی اور ابو نے بھی کہا کہ آجاؤ ایک دو دن کی تو بات ہے پھر آجائیں گے_____لیکن اس نے صاف انکار کر دیا_____کہنے لگی کہ میں وہاں جا کر کیا کروں گئ....!!!

مایا نے اس کے نا آنے کی وجہ بتائی____اور یوں جیسے اس نے انکار کر کے بہت برا کیا....!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____اچھا.....چلو کوئی بات نہیں پڑھائی بھی ضروری ہے

وہ ناچاہتے ہوئے بھی مسکرایا

!!____جواب میں مایا نے صرف سر ہلانے پر ہی اکتفا کیا

!!_____اچھا مجھے کچھ ضروری کام ہے میں بعد میں گپ شپ لگاتا ہوں آپ لوگوں سے

یہ کہہ کر وہ جلدی سے مڑا سعد اور صابر نے بڑی مشکل سے اس کے جانے تک اپنی ہنسی

روکے رکھی_____احسن کی امیدوں پر تقریباً پانی پھر چکا تھا وہ تھکے تھکے قدموں سے چلتا

ہوا اپنے کمرے میں جا کر بیٹھ گیا وہ ماہم کے نا آنے سے سخت مایوس تھا_____اور

!!!!...منہ لٹکائے چارپائی پر بیٹھا کہیں سوچوں میں گم تھا

!!_____کیا ہوا اس طرح منہ لٹکا کر کیوں بیٹھے ہو

!!____اس کے کانوں میں جیسے کسی نے رس گھول دیا ہو

!!_____کچھ نہیں بس وہ میں

اس نے سر اٹھا کر دیکھا اور وہ اس سے آگے کچھ نا بول سکا_____ماہم بذات خود سراپا

حسن بنی اس کے سامنے کھڑی تھی مسکرا رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آ.....آپ.....آپ تو.....؟؟

زوردار قہقہوں کی آواز سنائی دی_____ سعد صابر مایا اور تمہینہ سب دروازے میں کھڑے ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہے تھے

!!____تت.....تم لوگوں نے مجھے بیوقوف بنایا

وہ اس نے غصے سے کہا تو وہ سب بھاگ گئے

کیا آپ کو ہمارے آنے کی خوشی نہیں ہوئی؟؟

!!...ماہم نے دلفریب مسکراہٹ کے ساتھ پوچھا

!!... نہیں.....ایسی.....کوئی بات نہیں بہت خوشی ہوئی ہے

اس نے اپنا لہجہ نارمل رکھا___ جبکہ کہ اس وقت اس کا دل اسے بھنگڑے ڈالنے پر مجبور کر رہا تھا....!!

جھوٹ مت بولو اگر اتنی ہی خوشی ہوتی تو مہمانوں کے آنے سے پہلے گھر سے نا نکلتے_____!!!

!!...ماہم نے شکوہ کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____ وہ تو ابو نے باجی کے ساتھ کسی کام سے بھیج دیا تھا اس لیے جانا پڑا

!!...احسن نے مجبوری بتائی

!!!لیکن جرمانہ تو آپ کو پھر بھی ادا کرنا پڑے گا

ماہم نے ایک ادا سے کہا

کیا؟؟؟

احسن نے پوچھا

!!....آپ کو ہمیں ایک ٹریٹ دینی پڑے گئی اور وہ بھی ہماری مرضی کی

ماہم نے جیسے حکم سنایا

Ok Done...!!!

احسن کی آنکھیں خوشی سے چمک اٹھیں اسے ماہم کا اس سے اس طرح بات کرنا بہت اچھا لگا تھا اس کی باتوں سے اسے اپنائیت کی خوشبو آرہی تھی اس کا اس طرح حق جتانا اسے بھا گیا تھا اس کی دلفریب مسکراہٹ جس کے لیے وہ اپنا سب کچھ لٹانے کے لیے تیار تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن کیا پرو گرام ہے یار؟؟؟

صابر نے احسن سے پوچھا

وہ سب آپس میں خوش گپیوں میں مصروف تھے جب کہ احسن بار بار ماہم کی طرف دیکھ رہا تھا_____ جو تھوڑی دور بیٹھی مایا اور تہمینہ کے ساتھ کسی بات پر قہقہے لگا رہی تھی.....!!!

کس پرو گرام کی بات کر رہے ہو؟؟

!!احسن نے ماہم سے نظریں ہٹا کر صابر کی طرف دیکھا

!!!_____ وہی جس مشن پر آج کل تمہارا پورا فوکس ہے

!!....سعد نے بیچ میں لقمہ دیا

میں سمجھا نہیں!!؟؟؟

!!_____ اس نے حیرت سے دونوں کو دیکھا

اپنی محبت کا اظہار کب تک کر رہے ہو؟؟

صابر نے سیدھی بات کہہ دی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کک.....کون سے محبت اور کیا بکواس کر رہے ہو تمہیں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے_____!!

!!!....احسن نے کی بات سن کر گھبرا گیا

ہاں یار ہو سکتا ہے کہ ہمیں غلط فہمی ہوئی ہو_____ کہاں وہ اتنی خوب صورت اور امیر باپ کی بیٹی اور کہاں یہ جاہل پینڈو.....کوئی جوڑ ہی نہیں بنتا_____ نو چانس....!!!

!!!...سعد نے جان بوجھ کر احسن کو بھڑکانے کے لیے ایسا کہا

ادھر ماہم بھی مایا اور تہمینہ کے ساتھ باتیں کرتی ہوئی کبھی کبھی ان کی طرف دیکھ کر مسکرا دیتی_____!!!

کیا بکواس کر رہے تم دونوں مم.....میں تمہیں جاہل پینڈو لگتا ہوں_____ اور اس کا اور میرا جوڑ کیوں نہیں بنتا وہ.....وہ کوئی آسمان سے تھوڑی اتری ہے_____!!!

!!!...سعد اور صابر کا طعنہ کام کر گیا

!!_____ اور آئندہ اس قسم کی فضول بکواس کی نا تو الٹا لٹکا دوں گا

!!!_____ احسن نے خطرناک نتیج کی دھمکی دی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھو بھائی اگر تم نے کوئی تھپڑ وغیرہ مارنے کا پروگرام بنایا ہے_____ تو پلیز کینسل کر

!!_____ دیں ماہم ادھر ہی دیکھ رہی ہے میں نے اس کو بتا دینا ہے

!!!____ سعد نے آخر میں ماہم کی طرف اشارہ کر کے کہا

وہ واقعی ان کی طرف دیکھ رہی تھی احسن نے دیکھا تو اس نے آنکھوں سے اشارہ کر کے

پوچھا کہ کیا بات ہے_____ جواب میں احسن نے سر کو نفی میں ہلایا تو وہ مسکرا کر پھر

!!... باتوں میں مصروف ہو گئی

بے غیرتوں_____ میں ٹینشن میں ہوں اور تم لوگ میرے دماغ کی دہی بنا

!!!_____ رہے ہو

!!____ احسن نے ہار مانتے ہوئے روہانسی شکل بنا کر کہا

!!!___ ہونہہہہہ.....اب آیا نا اونٹ پہاڑ کے نیچے

!!!... دونوں نے. سکرا کر ایک دوسرے کی طرف دیکھا

تو ٹینشن کا ایک حل یہ ہے باس کہ چوری چوری دیکھنے کی بجائے اس کو سیدھا منہ پر بول دو

I Love You So Much کہ

!!.. سعد نے آئیڈیا دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!_____احسن نے جلدی سے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ لیا

!!!_____ آہستہ بول کمینے تو مجھے محبت کے سٹارٹ میں ہی شہید کروائے گا

چلو ٹھیک ہے اگر تم نہیں کہہ سکتے تو مجھے اجازت دو کہ میں اسے کہہ دیتا

!!!_____ہوں

!!!!....صابر نے اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر ہلکا سا سر کو جھکایا

!!....میں تیرا منہ توڑ دوں گا اگر تو نے کوئی ایسی ویسی حرکت کی تو

احسن نے اس کا ہاتھ مروڑا

تو پھر ساری زندگی اپنے دل کی بات دل میں ہی رہہ جائے گی_____کیونکہ جتنا کنفیوز تم

اس کو دیکھ کر ہو جاتے ہو_____اتنا تو چور چوری کرتے پکڑا جائے تو نہیں

!!_____ہوتا

سعد نے طعنہ دیا

اب ایسی بھی بات نہیں_____میں تو بس اس کی عزت کرتا ہوں_____اور ویسے بھی تم

کیا جانو کہ محبت کیا ہوتی ہے_____یہ تو ایک ایسا جزبہ ہے کہ انسان تکلیف میں بھی ہو تو

محبوب کو دیکھ کر خوشی سے سرشار ہو جاتا ہے_____اور جب وہ مسکرا کر دیکھتی ہے نا تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!_____یقین مانو لگتا ہے جان لے

احسن باتیں کرتے کرتے آسمان کی طرف دیکھنے لگا_____لیکن وہ یہ نہیں دیکھ سکا کہ

!!...کوئی اوپر کھڑا سن رہا ہے

!!.....کون مسکرا کر دیکھتا ہے تو جان لیتا ہے ذرا مجھے تو بتاؤ پہلے میں اس کی تو جان نکالوں

!!...اوپر کھڑی ثنا نے اس کی بات سن کر کہا

بب.....باجی.....آ.....آپ ک.ک کوئی بھی.....نہیں.....میں تو

!!___شش....شعر سنا رہا تھا

!!!....احسن ثنا کو دیکھ کر بوکھلا گیا

!!!...اچھا پھر ٹھیک_____ورنہ میں مسکرا کر دیکھنے والی کا منہ ضرور توڑ دیتی

!!....ثنا نے مزید دھمکی دی

اچھا چلو کوئی کام بھی کر لیا کرو سارا دن لڑکیوں میں بیٹھ کر باتیں بناتے رہتے

!!!_____ہو

!!!____ثنا نے ان سب کی کلاس لے لی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____جی باجی بتائیں کیا کام ہے

!!!...سعد نے ڈرتے ڈرتے پوچھا

بیٹھک میں مہمان آئے ہوئے ہیں اور قمر تم لوگوں کو پولیس والوں کی طرح ڈھونڈ رہا ہے_____اس سے پہلے کہ وہ یہاں آجائے فورا یہاں سے نکلو اور مہمانوں کو چائے پانی

!!!.....پوچھو

قمر کا نام سننے کے بعد وہ سب وہاں سے ایسے غائب ہوئے جیسے گدھے کے سر سے

!!!_____سینگ

!!!...اور ثنا ان سب کو بھاگتے دیکھ کر مسکرانے لگی

تہمینہ تمہیں احسن کیسا لگتا ہے؟؟

ماہم نے اس سے سوال کیا

تہمینہ شادی کی گہما گہمی میں مصروف آتے جاتے احسن کو دیکھے جا رہی تھی اور ماہم نے یہ

!!!_____بات نوٹ کر لی

!!!! اچھا لگتا ہے لیکن کیا فائدہ

تہمینہ نے ایک گہری سانس لے کر کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا مطلب میں سمجھی نہیں؟؟؟

ماہم اس کی بات کا مطلب نا سمجھی

میں جو اس کو اچھی نہیں لگتی_____پتہ ہے کیوں؟؟

اس نے ماہم کی طرف دیکھا

کیوں؟؟

ماہم کو تجسس ہوا

!!!_____کیونکہ اس کی آنکھوں میں تو کسی اور کی تصویر نظر آتی ہے

تہمینہ نے مسکرا کر کہا

کسی اور کی کس کی_____؟؟؟

ماہم کا تجسس ختم نہیں ہوا

!!!پتہ نہیں لیکن وہ تصویر میری نہیں

تہمینہ نے جھوٹ بولا حالانکہ وہ جانتی تھی کہ احسن کی آنکھوں میں کس کی تصویر ہے

!!.....ہونہہہہ

ماہم نے سر کو اثبات میں ہلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماہم احسن تمہیں کیسا لگتا ہے؟؟

!!..اس نے اچانک سوال کیا

!!____ا...اچھا لڑکا ہے لیکن.....تم یہ سب مجھ سے کیوں پوچھ رہی ہو

وہ اچانک گڑبڑا گئی

!!_____ بس ایسے ہی تجسس ہوا تو پوچھ لیا

!!____ اوگاڈ تہمینہ ایسی کوئی بات نہیں ہے___میرے لیے وہ بس میرا کزن ہی ہے

ماہم نے اس کی آنکھوں میں آئے تجسس کو شاید پڑھ لیا تھا کہ وہ ایسا کیوں پوچھ رہی

ہے...!!!

!!!.... اللہ کرے ایسا ہی ہو

!!.... تہمینہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

!!.....جی

ماہم نے حیرت سے اس کو دیکھا

!!_____ کچھ نہیں

اس نے جوابی مسکراہٹ کے ساتھ مختصر سا جواب دیا اور سوچوں میں گم ماہم کو چھوڑ کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں سے چلی گئی

احسن سوچوں میں گم تھااور وہ مسلسل یہ سوچنے میں مصروف تھا کہ وہ ماہم کو اپنے دل کی بات کیسے بتائے_____ اگر وہ برا مان گئی تو...؟؟ نہیں نہیں مجھے لگتا ہے وہ صرف میرا انتظار کر رہی ہے کہ میں اپنے دل کی بات بتاؤں_____ لیکن وہ کہاں اور میں کہاں_____ یہاں آکر اس کی سوچ رک جاتی وہ تھوڑا اداس ہو جاتا_____ لیکن پھر خود ہی دل کو تسلی دیتا کہ محبت یہ تھوڑا دیکھتی ہے کہ کون کس کے قابل ہے_____ اس نے دل ہی دل میں طے کر لیا_____ کہ آج تو وہ اپنے دل کی بات کہہ ہی دے گا

!!____

ہائے احسن کیا سوچ رہے ہو؟؟

!!____ ماہم نے اچانک خیالوں سے نکل کر حقیقت میں انٹری ماری

!!!....ہائے

اس نے ہاتھ ہلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیاہورہاہے؟؟

وہ اس کے پاس ہی بیٹھ گئی

!!_____ کچھ خاص نہیں

احسن نے جواب دیا

!!!_____سناہے شاعری بہت اچھی کرتے ہو

ماہم نے ڈوپٹے کوایک کونے سے انگلی پہ لپیٹنا شروع کردیا

میں توبس لکھتاہوں_____ اچھی ہے یابری کا فیصلہ توسننے والے کرتے ہیں کرتے

!!_____ہیں

!!!.....احسن نے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا

توتجھے کب سنارہے ہو؟؟

!!...اس نے بھی اس کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا

!!_____ناجانے ایسا کیا تھا اس کی آنکھوں میں کہ اسے جھرجھری سی آگئ

!!_____کیاہوا خاموش کیوں ہوگئے

ماہم نے دوبارہ اسے مخاطب کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا تو پھر سنو____ایک غزل ہے اس کے چند اشعار ہیں ابھی کچھ ہی دن پہلے لکھی ہے____!!

!!!.....احسن نے اسے غزل سنانی شروع کی

مدتوں سے سنبھال رکھے ہیں
تیرے ہی دل میں خیال رکھے ہیں
کون جانے کے ہجر کی شب میں
کتنے ماہ و سال رکھے ہیں

!!!.....ماہم احسن کی طرف دیکھے جا رہی تھی

تیری یادوں کے جو دیے ہیں
آنسوں سے وہ بال رکھے ہیں

واہ.....واہ.....واہ

سمجھو تو عشق بھی معجزہ ہے
اس میں کتنے کمال رکھے ہیں____!!

احسن نے ماہم کی طرف دیکھا____جواب میں اس نے اسے داد دی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!... عشق کبھی بھی جھکا نہیں ہے

مثال حضرت بلال رکھے ہیں

عشق وہ شے ہے وسیم جس کے

عروج میں بھی زوال رکھے ہیں

اس نے غزل ختم کر کے مسکر کر ماہم کی طرف دیکھا وہ اسی کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی _____!!

!!_____ہائے _____غزل مکمل ہو گئی ہے محترما

!!!_____احسن اس کی آنکھوں کے سامنے ہاتھ لہرایا

!!_____بہت اچھی غزل ہے بہت خوش قسمت ہے وہ جس کے لیے لکھتے ہو

!!...ماہم نے اسے دل کھول کر داد دی

یہ تو آپ کا بڑا پن ہے کہ ناچیز کو عزت دی آپ کی داد میرے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں _____!!

!!_____احسن نے دل پر رکھا رکھ کر ہلکا سا سر کو جھکا کر کہا

!!_____...ماہم نے ایک قہقہ لگایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!____باتیں بھی خوب کرتے ہو_____اچھا یہ بتاؤ آگے چل کر کیا بننا چاہتے ہو

!!____میں وکیل بننا چاہتا ہوں_____مجھے جنون کی حد تک اس پیشے سے لگاؤ ہے

!!!...احسن نے جواب دیا

ہونہہہہہ.....اور شادی کے لیے کس طرح کی لڑکی تمہاری آئیڈئل

!!_____ہے

ماہم نے اچانک سوال کیا جس کی شاید اسے توقع نہیں تھی اس نے حیرت سے پہلے ماہم کو

!!!_____دیکھا اور پھر کچھ دیر خاموش رہا

میں ایک ایسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہوں جو بہت بڑے گھرانے سے تعلق رکھتی ہو

_____بہت زیادہ پڑھی لکھی ہو_____خوبصورت ہو اور سے بڑی بات وہ انگلینڈ یا

!!_____امریکہ کی نیشنلٹی ہولڈر ہو

اس نے آخر بات جان بوجھ کر غلط کہی حالانکہ اس کے ذہن میں اس طرح کا کوئی خیال

نہیں آرہا تھا_____ایک بار اس کے دل میں آیا کہ وہ کہہ دے کہ میں تمہارے جیسی

لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہوں_____لیکن اسے یہ سب کہنے کی ہمت نا

!!_____ہوئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!____ہو نہہہہہ.....گڈ اللہ پاک تمہاری یہ خواہش پوری کرے

ماہم نے اسے دعا دی

لیکن اسے یہ ایسی دعا تھی جس پر وہ آمین بھی نہیں کہہ سکتا تھا____وہ جواب میں صرف مسکرایا...!!

اچھا میں چلتی ہوں_____مجھے آپی ثنا بلا رہی تھی شاید کوئی کام تھا اور میں بھی کتنی بے وقوف ہوں_____آپ سے باتیں کرنے بیٹھ گئی_____اور پھر وہ اس کا جواب سنے بغیر وہ اٹھ کر چلی گئی اور احسن کو نا جانے ایسا کیوں لگا کہ وہ اس سے خفا ہو گئی

!!!_____ہے

کیا ہوا بھائی اس طرح اداس کیوں بیٹھے ہو؟؟

!!!...مایا نے احسن کو اداس دیکھ کر پوچھا

!!_کچھ نہیں گڑیا بس یونہی

!! ..احسن نے جس سنجیدگی سے بیٹھا تھا اسی طرح جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھوڑیں بھی بھائی مجھے پتہ ہے کوئی نا کوئی مسئلہ ہے ورنہ آپ جیسا بندہ اس طرح سر جھکا کر سوچوں میں نہیں بیٹھتا _____!!

مایا نے دوبارہ ضد کی _____!!

گڑیا مجھے لگتا ہے.....کہ ماہم مجھے سے خفا ہو گئ ہے _____!!

احسن نے مسئلہ بیان کیا...!!

اور وہ اکثر مایا کو گڑیا کہہ کر مخاطب کرتا تھا کیونکہ اس کو لگتا تھا کہ وہ نازک اندام لڑکی کسی بلکل کسی گڑیا کی طرح لگتی ہے _____!!

ہونہہہہہ.....تو یہ پرابلم ہے _____ بھائی وہ تو ہے ہی ایسی نک چڑھی ایسے ہی بات بات پر خفا ہو جاتی ہے _____ کبھی کبھی تو ماما اور پاپا کو بھی خاطر میں نہیں لاتی.....پاپا اکثر کہتے ہیں کہ کبھی کبھی اس کے اندر کوئی بھوت آجاتا ہے جس کی وجہ سے یہ آپے سے باہر ہو جاتی ہے _____!!!

مایا نے اس کی پوری ہسٹری سنا دی _____!!!

کیا انکل اور خالہ اسے کچھ نہیں کہتے؟

احسن نے حیرت سے پوچھا...!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں پاپا تو بلکل بھی کچھ نہیں کہتے وہ تو اس چڑیل کی ہر بات پر ہنستے رہتے ہیں_____ہاں البتہ ماما کبھی کبھار اس کی کلاس لگا لیتی ہیں اور پھر..... محترمہ کھانا پینا چھوڑ کر بیٹھ جاتی ہیں جب تک ماما اسے منا نا لے_____اس لیے ماما بھی کوشش کرتی ہیں کہ اس کا موڈ خراب نا ہو_____!!!

مایا نے تفصیل بتائی...!!!

او میرے خدایا_____اس کا مطلب ہے میں اب نا ہی سمجھوں_____!!

احسن نے سر پر ہاتھ رکھ لیے

لیکن آپ نے ایسا کیا کر دیا ہے_____!!

مایا نے پوچھا تو احسن نے اس کے ماہم کے درمیان ہونے والی ساری گفتگو اسے بتا دی....!!!

ویسے بھائی کیا آپ واقعی ایک ایسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہیں جو آپ نے ماہم کو بتائی ہے_____!!

مایا نے احسن سے پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں لعنت بھیجتا ہوا مریکن اور انگلینڈ کے نیشنلٹی ہولڈر پر_____ میں تو بس ایویں ای

!!_____ چول مار بیٹھا ہوں_____ حالانکہ میں ایسا بلکل بھی نہیں سوچتا

احسن کو اپنے الفاظ پر پچھتاوا ہو رہا تھا

بھائی اس کی نارضگی سے آپ کو کیا فرق پڑتا چھوڑیں اس کو____ اس کو تو عادت ہے

!!____ نخرے دیکھانے کی_____ نہیں بولتی تو نا سہی

!!_____ مایا نے لاپروائی سے کندھے اچکائے

نہیں گڑیا فرق پڑتا ہے بہت فرق پڑتا ہے_____ وہ مہمان ہے کیا سوچے گئی کہ میں

!!____ کس سوچ کا بندہ ہوں

!!____ اس نے بات کو دوسرا رخ دیا

بھائی ماہم آپ کو اچھی لگتی ہے؟؟؟

اچانک مایا نے سوال کر دیا

!!!....احسن نے حیرت سے مایا کی طرف دیکھا لیکن جواب نہیں دیا اور سر جھکا لیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر کسی کو کسی دوسرے انسان کی ناراضگی کی پرواہ ہو تو اس کا مطلب ہے وہ اسے پسند کرتا ہے_____ اس لیے وہ نہیں چاہتا کہ وہ انسان اس سے خفا رہے!!!

مایا نے دلیل سے بات کی...!!!

کیا وہ کسی اور کو پسند کرتی ہے_____!!!

احسن نے ڈرتے ڈرتے سوال کیا....!!

میں نہیں جانتی_____ کہ وہ اور کو پسند کرتی ہے یا نہیں پر میں اتنا جانتی ہوں کہ میں نے آج تک اس کو کہیں بھی جانے کے لیے اتنا بے قرار نہیں دیکھا جتنا وہ لاہور آنے کے لیے بے قرار تھی_____!!!

احسن کے دل میں ایک موہوم سی امید جاگی_____!!!

تو تمہیں کیا لگتا ہے کہ وہ لاہور میرے لیے آئی ہے_____؟؟؟

احسن نے ہلکا سے مسکرا کر کہا

ہو بھی سکتا ہے_____!!

مایا نے اس کی امید بندھائی....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____ ویسے آپ خود کیوں نہیں پوچھ لیتے اس سے کہ وہ یہاں کس لیے آئی ہے

!!!....مایا نے اس کو مشورہ دیا

کک.....کیا کہہ رہی ہو میرا دماغ تھوڑی خراب ہے وہ پہلے ہی مجھے خفا ہے اور ہو گی تو.....؟؟

!!....احسن نے اس کا مشورہ فوری مسترد کر دیا

!!...نا.....بابا.....نا میں یہ نہیں کر سکتا

تو ٹھیک ہے پھر اس وقت کا انتظار کریں جب کوئی اور اسے اپنے دل کی بات کہہ دے گا

!!_____ اور آپ بس پلان بناتے رہیں

!!___ مایا بھی ناراض ہو کر وہاں سے چلی گئی

!!...گڑیا_____ گڑیا میری بات تو سنو

او.....میرے خدا بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ_____ بڑی ابھی تک ناراض ہے اور چھوٹی ابھی ہو گی ہے اب میں جاؤں تو

!!_____ کہاں جاؤں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....اس نے ماتھے پہ ہاتھ مارا

_____&_____

!!.....سعد مجھے نہیں لگتا کہ احسن سے بات ہو پائے گی

صابر اور سعد بیٹھے گپ شپ لگا رہے تھے کہ صابر نے اپنی خیال آرائی پیش

!!!_____کی

مجھے بھی لگ تو یہی رہا ہے_____پر یہ کمبخت محبت بھی اچھے بھلے انسان کی مت مار دیتی ہے

_____وہ دیکھو احسن دیوانو کی طرح گھوم رہا ہے_____پر مجال ہے وہ اس کو لفٹ کروا

!!...رہی ہو

سعد نے اس کی بات کی تائید کی_____اور ساتھ ساتھ اپنا تجزیہ بھی پیش

!!!_____....کیا

یار پہلے تو اچھی خاصی گپ شپ لگاتی تھی احسن سے ایک دو دن سے میں نوٹ کر رہا ہوں

!!!....کہ وہ اس کو اگنور کر رہی ہے

!!...صابر نے اندازہ لگایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!_____اکیلے اکیلے میں کیا باتیں ہو رہی ہیں کچھ ہمیں بھی تو پتہ چلے

!!....مایا بھی ان دونوں کو دیکھ کر ان کے پاس آگئی

!!____آ.....آپ_____بس....کچھ نہیں فارغ ہی کھڑے تھے

!!...سعد مایا کو دیکھ گھبرا گیا

اچھا تو میں بھی فری ہی ہوں آپ کے ساتھ کچھ دیر کھڑی ہو سکتی ہوں...؟؟

!!_اس نے اجازت طلب نظروں سے دیکھا

!!____ہاں.....کیوں نہیں

!!...صابر نے فوری جواب دیا

!!____تو کیا آپ دونوں بھی احسن بھائی کی طرح کچھ شعر و شاعری کا شوق رکھتے ہیں

!!...مایا نے دونوں سے سوال کیا

!!____نہیں لکھتے تو نہیں ہاں جو احسن بھائی لکھتے ہیں وہ پڑھ لیتے ہیں

!!...سعد نے جواب دیا

!!____اور اگر ہم نا بھی پڑھیں تو احسن بھائی خود سنا دیتے ہیں

!!...صابر نے بیچ میں لقمہ دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...سعد نے اس کی بات سن کر اپنی ہنسی روکی

مایا کافی دیر ان کے پاس کھڑی ان کے بارے میں اور احسن کے متعلق سوال کرتی رہی....!!!!

آپی آپ احسن بھائی سے ناراض ہیں؟؟

رات کو ماہم اور مایا ایک ہی بیڈ پر سو رہی تھی تو اس وقت مایا نے ماہم سے پوچھا_____دل ہی دل میں وہ ڈر بھی رہی تھی کیونکہ ماہم کے موڈ کا کچھ پتہ نہیں چلتا تھا کہ کب خراب ہو جائے....!!

!!...کیوں تمہیں کوئی پرو بلم ہے

ماہم نے روکھا سا جواب دیا

نن..... نہیں مجھے کیا پرو بلم ہونی ہے ویسے ہی پوچھ رہی تھی کیونکہ آج کل آپ ان سے کم ہی بات چیت کر رہی ہیں....!!

!!...مایا نے ہمت کر کے کہہ ہی دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....کوئی خاص وجہ نہیں بس ایسے ہی

!!....اس کا لہجہ وہی تھا

!!....اچھا ٹھیک ہے میں تو سونے لگی ہوں

!!....مایا نے کہہ کر سونے کے لیے پانسہ پلٹا

کچھ دیر خاموشی رہی مایا کو لگا کہ شاید وہ بھی سو گئی ہے لیکن اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ

!!_____ چھت کو گھورے جا رہی تھی

کیا بات ہے آپی نیند نہیں آ رہی____ آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے نا..؟

مایا کو پریشانی ہوئی____ کیونکہ پہلے وہ ہمیشہ جلدی سو جاتی تھی اور مایا اکثر اس سے خفا رہتی

!!!_____ کہ آپ بہت جلدی سو جاتی ہیں اور مجھ سے باتیں بھی نہیں کرتی

!!نن..... نہیں مم.....میں ٹھیک ہوں....تم سو جاؤ

!!...ماہم مایا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ہکلائی

!!.....مایا دوبارہ پانسہ پلٹ کر سو گئ

!!____مایا تمہیں پتہ ہے.....کہ تہمینہ احسن کو پسند کرتی ہے

!!!_____مایا نے حیرت سے مڑ کر ماہم کو دیکھا وہ ابھی بھی چھت کو گھور رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہیں کیسے پتہ!؟

مایا نے سوال کیا

!!_____مجھے خود تہمینہ نے بتایا ہے_____وہ تو اور بھی بہت کچھ کہہ رہی تھی

!!!____ماہم نے اسی طرح لیٹے لیٹے جواب دیا

!!....کیا کہہ رہی تھی

مایا کی حیرت میں اور بھی اضافہ ہوا اس کو یہ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ اتنی رات کو کون سی

!!!...باتیں لے کر بیٹھ گئی ہے

وہ کہہ رہی تھی کہ وہ تو احسن کو پسند کرتی ہے پر احسن کی آنکھوں میں کسی اور کی تصویر نظر آتی ہے_____اور ایک دن میں نے احسن سے پوچھا کہ تم کس طرح کی لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہو تو کہنے لگا کہ امریکن انگلینڈ نیشنلٹی ہولڈر ہو_____اور بھی پتہ نہیں کیا کیا کہہ رہا تھا_____میں تو اس کی باتیں سن کر بہت حیران ہوئی____کہ شکل سے کتنا

!!....معصوم لگتا ہے پر اندر سے پورا شیطان ہے

!!...ماہم نے بنا پوچھے ہی سب کچھ مایا کو بتا دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مایا کو اس کی بات سن کر کوئی حیرت نہیں ہوئی کیونکہ احسن اسے یہ سب بتا چکا تھا_____!!

ہو سکتا ہے اس نے یہ سب مذاق میں کہا ہو_____!!

مایا نے اس کی غلط فہمی دور کرنا چاہی...!!

انسان کے دل میں جو ہوتا ہے نا وہی اس کی زبان پر آجاتا ہے_____چاہے وہ مذاق میں ہی کیوں نا ہو.....!!!

ماہم نے اس کی بات کا جواب دیا...!!

مایا نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور سوچنے لگی کہ اس کو کیا ہو گیا ہے کہیں یہ بھی تو احسن سے پیار نہیں کرتی_____یہ تو بڑی نک چڑھی ہے اور احسن بلکل سادہ سا لڑکا ہے شاید میں غلط سوچ رہی ہوں_____!!!

اچھا ٹھیک ہے میں تو سونے لگی ہوں تم بھی سو جاؤ اور زیادہ سوچنے کی ضرورت نہیں ہے....!!

ماہم نے مایا کو مشورہ دیا اور کمبل اوڑھ کر سو گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____آج تو اسے اپنے دل کی بات بتا کر ہی رہوں گا

_____ احسن نے عزم کیا

!!____لیکن کیسے

!!!...اس نے خود سے سوال کیا

!!_____ایسا کرتا ہوں اسے ایک کاغذ پہ لکھا کر دیتا ہوں اپنے دل کی بات

!!!_____ہاں یہ ٹھیک رہے گا

I Love You ایک نے ایک مار کر سے ایک کاغذ پر بڑے خوبصورت انداز میں

!!!_____اور اس میں رنگ بھی بھرے

وہ کمرے میں بیٹھا یہ سب لکھ رہا تھا جب کہ ماہم مایا اور تہمینہ کے ساتھ باہر برآمدے میں

!!!_____بیٹھی باتیں کر رہی تھی اس نے ماہم کو آواز دی

!!!_____ماہم

!!!_____اس نے باتیں کرتے کرتے پلٹ کر اسے دیکھا

I احسن نے وہ کاغذ کا ورقہ اس کے سامنے کر دیا_____ جس پر بڑی خوبصورتی سے

لکھا تھا_____ماہم نے سوالیہ نظروں سے دیکھا اور آنکھوں سے Love you

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اشارہ کے ساتھ ہاتھ بھی سوالیہ انداز میں گھوما یا_____ جس کا مطلب تھا کہ یہ سب کیا ہے ؟؟؟؟

اور ایک بار پھر احسن کے ہاتھ پاؤں پھیل گئے اور اس کی ہمت جواب دے گئی کہ وہ صرف اتنا کہہ سکے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں_____ اس نے فوری بات بدلی.....اور بلند آواز میں کہہ _____!!!

_____ دیکھا میری لکھائی کیسی لگی ہے_____ بڑی محنت سے لکھا ہے!!!

_____ ماہم بے اختیار مسکرا دی اور سر کو نفی میں ہلایا!!!

_____ اچھا لکھائی ہے آپ کی_____ اور زیادہ محنت کریں!!

_____ ماہم نے جواب دیا اور دوبارہ باتوں میں مصروف ہو گی!!

احسن کا دل بڑی سپیڈ کے ساتھ دھڑک رہا تھا_____ وہ دل ہی دل میں خود کو کوس بھی رہا تھا کہ ایک بار پھر عین وقت پہ اس کی ہمت جواب دی گئی تھی_____ اس نے وہ کاپی دوسری چارپائی پر پھینکی!!_____

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!_____ بزدل کہیں کا

اس نے خود کو طعنہ دیا

احسن اپنے روم میں بیٹھا ناول پڑھ رہا تھا_____ ماہم آئی اور خاموشی سے ایک طرف پڑے صوفے پر بیٹھ گئی_____ احسن کچھ دیر انتظار کرتا رہا کہ شاید وہ کچھ بات کرے گئی لیکن وہ

!!_____ خاموش بیٹھی اپنے ناخن دانتوں سے تراشتی رہی

ناراض ہو مجھ سے؟؟

!!_____ احسن نے ناول والی کتاب ایک سائیڈ پر رکھتے ہوئے اس سے پوچھا

!!_____ نہیں میں کیوں ناراض ہونے لگی

!!_____ اس نے نظریں جھکائے جواب دیا

!!_____ لیکن مجھے ایسا کیوں لگتا ہے

!!...احسن نے ہمت کر کے پوچھ لیا

!!_____ آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے ایسی کوئی بات نہیں

ماہم نے ایک بار پھر اس کا حوصلہ پست کر دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن نظریں جھکائے بیٹھی ماہم کو دیکھے جا رہا تھا وہ سنجیدہ بیٹھی اور اسے اور بھی پیاری لگ رہی تھی اس کی نظریں اس کے چہرے سے ہٹ نہیں رہی تھی _____ بلکل معصوم اور گلاب کی پنکھڑیوں کی مانند گلابی ہونٹ خوبصورت آنکھیں جن میں اس وقت بے چینی واضح طور پر محسوس کی جا سکتی تھی _____!!!

کیا بات ہے ماہم کچھ کہنا ہے آپ نے؟؟؟

احسن نے بڑے پیار سے پوچھا _____!!

وہ.....وہ آج ہم جا رہے ہیں _____!!

شاید وہ جانے کا سن کر اداس تھی _____!!

احسن کے دل میں کوئی دیوار سی گری _____!!

ہو نہممممہ _____ تو یہ بات ہے اس لیے اداس ہو؟؟؟

احسن نے اپنی اداسی چھپا کر کہا _____!!

اچھا تم یہ بتاؤ کہ تمہیں کوئی ملی امریکن اور انگلینڈ کی نیشنلٹی ہولڈر لڑکی....!!؟؟

...اس نے احسن کی بات کو نظر انداز کر کے سوال کیا!!!

احسن نے ایک زوردار قہقہ لگایا _____!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو تم نے اس بات کو سچ مان لیا تھا کہ میں واقعی کسی ایسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہوں_____ وہ تو میں نے بس مذاق کیا تھا_____ اور میں لعنت بیجھتا ہوں امریکن اور انگلینڈ کی نیشنلٹی پر!!

احسن نے موقع ملتے ہی اپنی صفائی پیش کی...!!

جھوٹ مت بولو_____!!!

ماہم نے منصوعی خفگی کا اظہار کیا...!!

سمجھا ہے تم نے جیسا ویسا نہیں ہوں میں""!!

توڑا ہے دل کو تیرے اچھا نہیں ہوں میں!!!

نہیں بیٹا میں تمہاری میں کو کیوں ماروں گا وہ تو اتنی اچھی ہیں کہ کوئی بھی اسے ہاتھ لگانے کا

!!.... بھی نہیں سوچ سکتا

احسن نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

اگر مما اتنی اچھی ہے تو پاپا مما کو کیوں مارتے ہیں...؟؟

!!....احسن نے حیرت سے ماہم کی طرف دیکھا تو اس نے جلدی سے ماریہ کو ڈانٹا

!!.....ماریہ کیا کر رہی ہو انکل نے کہیں جانا ہے اور وہ لیٹ ہو رہے ہیں

!!....ماہم نے جلدی سے مایا کو مزید بولنے سے روک دیا

مم.....ماہم یہ گڑیا کیا کہہ رہی ہے.....کیا یہ سچ ہے کہ زین تم پر ہاتھ اٹھاتا ہے.....؟؟

!!....احسن اس وقت شاک میں لگ رہا تھا

!!....نن.....نہیں ایسی کوئی بات نہیں یہ تو بس ایسے ہی فضول بکواس کر رہی تھی

!!....ماہم نے بات کو ٹالنے کی کوشش کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماہم میں کوئی بچہ نہیں ہوں جس کو تم بے وقوف بنالو گئی میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ بچے جھوٹ نہیں بولتے وہ وہی کہتے ہیں جو وہ دیکھتے ہیں اور تم بات کو ٹالنے کی کوشش مت کرو .. !!!

احسن نے خود پر ضبط کرتے ہوئے کہا ...!!

احسن یہ میرا اور میرے شوہر کا معاملہ ہے تمہیں بار پرس کا کوئی حق نہیں ....!!

ماہم نے سختی سے جواب دیا ....!!

ماہم مجھے حق ہے اور یہ حق مجھ سے تم بھی نہیں چھین سکتی .....!!

احسن نے غصے سے جواب دیا .

تم ہوتے کون ہو یہ سب پوچھنے والے.....؟؟

ہوں.....اور میں اپنی زندگی میں کسی کی دخل اندازی پسند نہیں کرتی.....تمہاری بھی نہیں کروں گئی سمجھے ....!!

وہ غصے میں بولتی ہوئی ماریہ کو اٹھا کر وہاں سے چلی گئی اور احسن بوجھل دل کے ساتھ وہی بنچ پر بیٹھ گیا اور اس وقت وہ بہت تکلیف سے گزر رہا تھا کیونکہ جس سے محبت کی جائے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے تکلیف میں دیکھ کر بہت تکلیف ہوتی ہے ماہم چاہے خوش رہنے کی اداکاری کر رہی تھی لیکن وہ جان گیا تھا کہ وہ خوش نہیں ہے .....!!

احسن اپنے آفس میں بیٹھا کام میں مصروف تھا کہ اس کا اسسٹنٹ جاوید اندر آیا ....!!

آؤ جاوید میں تمہیں ہی یاد کر رہا تھا .....!!!

احسن نے مسکراتے ہوئے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا

خیریت سر ....!!

مجھے فون کر دیتے میں فوری چلا آتا ....!!

جاوید نے کرسی پر براجمان ہو گیا ....!!

اس کی ضرورت ہی نہیں پڑی آپ خود ہی چلے آئے .....!!

احسن نے مسکراہٹ برقرار رکھی ....!!

جی حکم کریں ....!!

حکم نہیں درخواست ہے .....!!

احسن نے فوری جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....جی سر بتائیں

!!....جاوید احسن کی طرف متوجہ ہوا

!!....میری بات غور سے سنو اور یہ بات راز ہی رہنی چاہیے

!!...احسن نے بات شروع کرنے سے پہلے اپنی شرط بتائی

!!.....جی بے فکر رہیں سر

!!....جاوید نے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہا

پھر احسن نے جاوید کو کچھ باتیں سمجھائی اور اس نے سب باتیں راز رکھنے کی یقین دہانی کروائی اور وہاں سے اٹھ کر چلا گیا

!!....

!!!.....ماریہ بیٹی جلدی تیار ہو جاؤ میں جاتے ہوئے تمہیں سکول چھوڑتا ہوا جاؤں گا

!!....زین ہاتھ میں تولیہ پکڑے نہانے کے لیے جا رہا تھا

!!....لیکن ماریہ کا نام تو سکول سے خارج ہو گیا تھا

!!!....ماہم نے زین سے پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں وہ ماریہ کے سکول سے کال آئی تھی وہ کہہ رہے تھے کہ انہوں نے کچھ بچوں کے لیے وظیفے کا اعلان کیا ہے جس میں ماریہ بھی شامل ہے ایک ادارہ ہے جو جو اس لسٹ میں شامل بچوں کی فیس دے گا.....!!

زین نے تفصیل بتائی

تو آپ کہاں جا رہے ہیں صبح صبح.....؟؟

ماہم دوبارہ گویا ہوئی.....!!

تم کچھ زیادہ ہی سمارٹ نہیں بن رہی.....؟؟

زین نے تلخی سے جواب دیا

نن..... نہیں وہ تو میں بس ایسے ہی پوچھ رہی تھی.....!!

ماہم ڈر گئی.....!!

ایک جگہ جاب کے لیے آپلائی کیا تھا وہاں سے کال آئی ہے انٹرویو کے لیے جا رہا

ہوں.....!!

زین نے اس کی بات کا جواب دیا اور واش روم میں گھس گیا.....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں سعد خیرت ہے پریشان کیوں ہو.....؟؟؟

احسن سعد سے فون پر بات کر رہا تھا اور احسن نے نوٹ کیا کہ سعد بجھا بجھا سا لگ رہا ہے.....!!

بھائی مایا کی منگنی ہو رہی ہے.....!!

سعد اداس تھا

او.....تو اس لیے اداس ہو.....؟؟

احسن گویا ہوا

تو کیا خوش ہونا چاہیے.....؟؟

سعد نے الٹا سوال کیا

نہیں بات تو خوش ہونے والی نہیں ہے.....!!

احسن نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا.....!!

بھائی لگتا ہے آپ کے لیے یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے.....!!

سعد نے خفگی سے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں یار میں نے ایسا کب کہا....؟؟

!!....احسن مسکرایا

!!.....آپ کی باتوں سے تو ایسا ہی لگ رہا ہے کہ آپ کو کوئی پرواہ نہیں ہے

!!....سعد نے شکوہ کیا

ایسی بات نہیں ہے کہ مجھے تمہاری پرواہ نہیں ہے میں اگلے ماہ پاکستان آرہا ہوں پھر میں خود

!!.....جاؤں گا میجر انکل کے پاس اور مایا اور تیرے رشتے کی بات کروں گا

!!....احسن نے اسے تسلی دی

!!.....بھائی یہی باتیں سنتے مجھے سات سال ہو گئے ہیں پر آپ کا اگلا ماہ نہیں آیا

!!....سعد ابھی تک ناراض لگ رہا تھا

!!....نہیں اس بار پکا والا آؤں گا انشاءاللہ

!!....احسن نے اسے یقین دلایا

!!....ٹھیک ہے میں انتظار کروں گا

سعد نے آہستگی سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!پریشان نہیں ہونا اوکے.....میں سب سنبھال لوں گا

احسن نے یقین سے کہا

اوکے اللہ حافظ

سعد نے ڈھیلا سا جواب دیا

!!...اللہ حافظ

!!....احسن نے مسکراتے ہوئے کال کاٹ دی

..وہ سلیقے سے ہوا مجھ سے گریزاں ورنہ

..لوگ تو صاف محبت سے مکر جاتے ہیں

(انتخاب)

ماہم آج کہیں باہر گھومنے چلیں؟؟

!!....زین نے ماہم کو آفر کی جس سے لگ رہا تھا کہ اس کا موڈ اچھا ہے

کیا بات ہے آج بڑے خوش لگ رہے ہو....؟؟

ماہم نے خوشگوار حیرت سے پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں آج میں بہت خوش ہوں پتہ ہے کیوں....؟؟ کیونکہ میں آج صبح جس جاب کے انٹرویو کے لیے گیا تھا وہ جاب لگ گئی ہے اور پتہ ہیں سیلری بھی میری توقع سے ڈبل ہے اس لیے ایک ٹریٹ تو بنتی ہے.....!؟؟؟

!!!....زین نے شوز اتارتے ہوئے کہا

اچھا یہ تو بہت خوشی کی بات ہے کوئی کمپنی ہے کیا....؟؟

!!....ماہم نے دوبارہ پوچھا

نہیں یہ بھی ایک بہت بڑا ریسٹورینٹ ہے اور شکر ہے وہ تمہارے کزن کے ہوٹل میں کام

!!!.... نہیں کرنا پڑا

زین نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

لیکن ماہم کو نا جانے کیوں لگ رہا تھا کہ ماریہ کی فیس اور زین کی جاب کے پیچھے احسن کا ہاتھ

!!!.....ہے لیکن اس نے زین کے سامنے اپنا منہ بند رکھا اور چینج کرنے چلی گئی

پاکستان سے فون آیا کہ احمد کی طبیعت بہت خراب ہے اور وہ ہسپتال میں ہے تو احسن نے سب کام چھوڑ کر سب سے پہلے پاکستان کی ٹکٹ کروائی اور دستیاب پہلی فلائٹ سے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاکستان پہنچ گیا سب لوگ احسن سے مل کر بہت خوش ہوئے لیکن وہ سب احمد کی وجہ سے تھوڑا ٹینشن میں بھی تھے.....!!

احمد کی طبعیت ٹھیک ہوئی تو اسے واپس گھر لایا گیا.....!!

احمد اپنے چاچو سے مل کر بہت خوش تھا اور وہ ہر وقت احسن کے ساتھ چمٹا رہتا وہ گھر میں رہتا تب بھی باہر جاتا تب بھی احمد احسن کے ساتھ ہوتا.....!!!

چاچو آپ نے ابھی تک شادی کیوں نہیں کی.....؟؟

احمد نے احسن سے سوال کیا وہ دونوں اس وقت سوئنگ پول کے کنارے پڑی کرسیوں پر بیٹھے دھوپ سینک رہے تھے.....!!

احسن نے احمد کو پہلے تو سر تا پاؤں غور سے دیکھا اور پھر گویا ہوا....!!!

اپنی عمر کے حساب سے سوال کرو بچے.....اور ویسے بھی تم میرے ہم عمر یا دوست تھوڑی ہو جو میں ہر بات تمہیں بتاتا پھروں.....!!

احسن نے مسکراتے ہوئے جواب دیا....!!

تو کر لیں نا دوستی میں نے کون سا منع کیا ہے....!!!

احمد نے اسے مشورہ دیا جس پر احسن کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پلیز چاچو بتاؤنا....؟؟

!!.....احمد نے احسن کو خاموش پا کر ضد کی

!!.....کوئی ایسا ملا ہی نہیں جس سے شادی کر سکوں

!!....احسن نے احمد کو بوسہ دیا

ملا نہیں یا جو ملا تھا وہ چھوڑ کر چلا گیا.....!؟؟؟

!!....احمد کی بات سن کر احسن کو حیرت کا جھٹکا لگا

تمہیں کس نے کہا کہ جو ملا تھا وہ چھوڑ کر چلا گیا.....؟؟

احسن نے مسکراتے ہوئے پوچھا

!!.....مما اور پاپا اکثر آپ کے بارے میں باتیں کرتے ہیں

احمد نے معصومیت سے جواب دیا

!!.....اوئے گندے بچے

!!.....چھپ کر بڑوں کی باتیں سنتے ہو

!!....احسن نے احمد کی گال پر ہلکی سی چپت ماری

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب بڑے ہی اتنی اونچی آواز میں باتیں کریں کہ ساتھ بیڈ پر سویا ہوا بندہ تو کیا ساتھ والے کمرے میں پڑے لوگ بھی سن لیں تو اس میں بچوں کی کیا غلطی ہے.....!!!

احمد نے ہنستے ہوئے جواب دیا....!!!

کرتا ہوں تمہارے پاپا سے بات کہ احمد اب سمجھدار ہو گیا ہے اس کی شادی کر دیتے ہیں.....!!!

احسن نے اسے اٹھا کر گود میں بیٹھا لیا....!!!

پہلے اپنے لیے تو کوئی لڑکی ڈھونڈ لیں پھر میری بات کریں....!!!

احمد نے احسن کو چھیڑا

میرے لیے پھر تم ہی ڈھونڈو بد معاش کہیں کے.....!!!

احسن نے اسے چٹکی کاٹی....!!!

ہونہہہہہ.....کچھ سوچنا پڑے گا...!!!

احمد نے کہا تو احسن دل کھول کر اس کے اس انداز پر ہنسا....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!.....احمد تم تو بڑے شرارتی بچے ہو یار

اسی دوران احسن کے موبائل کی گھنٹی بجی کوئی امریکہ سے کال کر رہا تھا اس نے سمجھا شاید

!!....کوئی بزنس کال ہے

!!....اسلام علیکم

!!....اس نے کال اٹھائی

!!....ماہم بات کر رہی ہوں

!!....سلام کا جواب دینے کے بعد اس کی ساعتوں سے آواز ٹکرائی

!!.....ماہم

خیریت کیسے یاد کیا اور میرا نمبر کہاں سے ملا تمہیں....؟؟

!!!. ..احسن ایک ساتھ کئی سوال کیے

!!.....ڈھونڈنے سے تو خدا بھی مل جاتا ہے یہ تو صرف تمہارا نمبر تھا

!!....احسن یہ تم نے اچھا نہیں کیا

!!....آخر میں ماہم نے احسن سے شکوہ کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں سمجھا نہیں ماہم.....تم کہنا کیا چاہتی ہو....؟؟

احسن جانتا تھا کہ وہ کس کے بارے میں بات کر رہی ہے لیکن پھر بھی جان بوجھ کر انجان بنا.....!!!

..... تم اچھی طرح جانتے ہو کہ میں کیا بات کر رہی ہوں !!!

تم نے ماریہ کے سکول کی فیس کیوں دی اور جہاں تک مجھے شک ہے زین کو ڈبل سیلری پر جاب بھی تم نے دلوائی ہے کیونکہ کوئی کمپنی گھاٹے کا سودا نہیں کرتی کہ بلاوجہ کسی نیو مین کو ڈبل سیلری پر جاب دے دے.....!!!

ماہم نے حقیقت سے پردہ اٹھایا....!!

ماہم میں نہیں جانتا تم کیا بات کر رہی ہو پر یہ سب میں نے نہیں کیا....!!!

احسن نے صاف جھوٹ بولا....!!!

کھاؤ میری قسم.....!!!!

ماہم روانی میں بول گئی....!!!

دوسری طرف خاموشی چھا گئی.....!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہاری خاموشی یہ کہہ رہی ہے کہ میں نے جو کچھ بھی کہا ہے وہ سب سچ ہے.....؟؟؟

!!!....ماہم نے تلخی سے پوچھا

لیکن کیوں کیا تم نے یہ سب....؟؟

!!!....ماہم چلائی

مم.....ماہم میں جان گیا تھا کہ ابھی زین یہ سب افورڈ نہیں کر سکتا اور مجھے اچھا نہیں لگا کہ

!!!.....کوئی

!!!.... تمہیں مجھ پر ترس کھانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے احسن

...ماہم کا لہجہ اس بار بھی سخت تھا

!!.....میں نے تم پر کوئی ترس نہیں کھایا ماہم

میں جانتا تھا کہ اگر زین کو جاب نا ملی تو بہت جلد تم گھر سے بے گھر ہو جاتی اور ایک معصوم

!!....بچی بلاوجہ تمہاری انا کا شکار ہو جاتی

بے شک اب میرا تم سے کوئی تعلق نہیں ہے پر پھر بھی میری غیرت یہ گوارا نہیں کرتی کہ

!!.....میری خالہ کی بیٹی پردیس میں دربدر پھرتی

اور اگر پھر بھی تم پر خودداری کا بھوت سوار ہے تو یہ سمجھ لو کہ میں نے تم احسان نہیں کیا بلکہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...ادھار دیا ہے.....اور یہ تم مجھے واپس کرو گئی سمجھی

!!!....احسن غصے میں سب لحاظ بھول گیا اور کھری کھری سنا کر کال کاٹ دی

!!!.....احسن کا غصے کی وجہ سے سانس پھول گیا تھا

!!!.....لگتا ہے فلم میں پرانی ہیروئین کی انٹری ہوئی ہے

خاموشی کا سکوت احمد کی آواز سے ٹوٹا جو احسن کی گود میں بیٹھا اس کی باتیں سن رہا

!!!.....تھا

!!....چپ اوئے افلاطون کہیں کے

!!....احسن نے احمد کو ڈانٹا

احسن اپنے امی اور ابو کو لے کر میجر اکبر کے گھر مایا کا رشتہ سعد کے لیے لینے گیا مگر انہوں

!!!!.....نے یہ کہہ کر صاف انکار کر دیا کہ وہ مایا کی منگنی کر چکے ہیں

میجر اکبر کے انکار کے بعد سعد بہت دکھی تھا لیکن احسن نے اس کو تسلی دی کہ وہ فکر نا

!!!.....کرے میں کوئی نا کوئی حل نکال لوں گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن بھائی اب بھی آپ کو لگتا ہے کہ کوئی حل ہے.....؟؟؟

!!!.....سعد بہت ٹینشن میں تھا

!!_____ سعد میری جان کیا ہو گیا ہے یار میں ہوں نا

!!!....احسن نے تحمل سے جواب دیا

!!!....لیکن بھائی مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا

سعد بہت دکھی تھا

!!....میرے پاس ایک پلان ہے اگر وہ نا مانے تو اس پر عمل کریں گئے

احسن نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا

کیسا پلان....؟؟

سعد نے حیرت سے پوچھا

!!.....وقت آنے پر بتادوں گا لیکن ابھی تم صبر کرو مجھ پر ٹرسٹ کرو او کے

احسن نے سعد کو سمجھایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!.....اوکے

!!!....سعد نے ناچاہتے ہوئے بھی جواب دیا حالانکہ وہ بلکل بھی مطمئن نہیں ہوا تھا

احسن اور احمد شاپنگ مال میں احمد کے لیے شاپنگ کر رہے تھے احمد کو احسن نے اٹھایا ہوا تھا!!!.....

ایک تو تم بھاری بہت ہو اور اوپر سے لڑکیوں کی طرح نخرے کرتے ہو کہ مجھے یہ پسند نہیں وہ پسند نہیں!!!.....

!!!....احسن احمد کے ساتھ لڑائی کر رہا تھا اور وہ احسن کی باتیں سن کر مسکرا رہا تھا

!!.....اچھا ایک تو خوار ہو رہا ہوں تیرے پیچھے اور اوپر سے دانت نکال رہے ہو

!!!....احسن نے ڈانٹا

وہ احمد سے باتیں کرتے ہوئے سامنے آنے والی لڑکی کو نہیں دیکھ سکا اور اس سے ٹکرا گیا!!!.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!...او.....نو

!!.....یہ نہیں ہو سکتا

!!!....احمد نے حیرت سے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا

!!! .... ٹکرانے والی لڑکی اور احسن بھی حیران ہو گئے کہ احمد کو کیا ہو گیا ہے

کیا نہیں ہو سکتا.....؟؟

اس لڑکی نے حیرت سے سوال کیا

!!!.....آپ کی شکل تو بلکل میری چچی سے مل رہی ہے

احمد نے جیسے انکشاف کیا

کک.....کیا....؟؟

لڑکی حیرت زدہ ہو گئی

ہاں جس کی شادی چاچو احسن سے ہونے والی تھی اور وہ بے چاری شادی ہونے سے پہلے

!!!....ہی روڈ ایکسیڈنٹ میں مر گئی تھی

!!!....احمد نے اس بار تو حد ہی کر دی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!.....احمد کیا کر رہے ہو یار

!!!.....احسن نے بے چارگی سے دیکھا کہ پتہ نہیں اب یہ کونسا ڈرامہ کرنے والا ہے

!!!.....وہ لڑکی احمد کی معصومانہ باتوں سے محفوظ ہوئی

یہ تمہارے چاچو احسن کون ہیں....؟؟؟

لڑکی نے مسکراتے ہوئے سوال کیا

!!!.....یہ بلکل آپ کے سامنے مجھے گود میں میں اٹھا کھڑے ہیں یہی تو ہیں

احمد نے احسن کی طرف اشارہ کیا

!!!.....اچھا.....تو یہ آپ کے انکل ہیں

!!!.....وہ لڑکی مسکرائی

!!!....معاف کرنا یہ ذرا شرارتی بچہ ہے اس لیے میں آپ سے معافی چاہتا ہوں

احسن نے شرمندگی ظاہر کی

کوئی بات نہیں ماشاءاللہ کتنا پیارا بچہ ہے اور باتیں بھی بہت پیاری کرتا ہے مجھے بلکل بھی برا

!!!..... نہیں لگا

!!!.....لڑکی نے پیار سے احمد کے گال پر تھپکی دی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر میں آپ کو اتنا ہی کیوٹ لگتا ہوں اور آپ آئندہ بھی میری پیاری پیاری باتیں سننا چاہتی ہیں تو آپ کے لیے میرے پاس ایک آفر ہے.....؟؟؟

احمد نے ڈرامائی انداز میں کہا

!!!.....احسن اور اس لڑکی نے حیرت سے احمد کو دیکھا اور بیک زبان بولے

کیسی آفر.....؟؟؟

آپ کی شادی ہوئی ہے.....؟؟؟

!!!.....احمد نے اس لڑکی سے سوال کیا

!!.....نہیں ابھی تک تو نہیں ہوئی

!!!.....اور اب یہ مت کہہ دینا کہ مجھ سے شادی کر لو

لڑکی نے احمد کو چھیڑا

!!!.....میری قسمت میں اتنی پیاری لڑکی کہاں میں تو اپنے چاچو کے لیے کہہ رہا تھا

احمد نے فوری جواب دیا

!!!.....احمد

!!!.....احسن نے احمد کو آنکھیں دیکھائیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....کوئی بات نہیں بچہ ہے

!!!.....اس لڑکی نے احسن کو ڈانٹنے سے روک دیا

!!!.....سوری یہ ایسا بد تمیز بلکل نہیں پتہ نہیں آج اس کو کیا ہو گیا ہے

!!!....احسن شرمندہ ہوا

I don't mind...کوئی بات نہیں

وہ لڑکی جانے کے لیے مڑی

!!!....اپنا نام تو بتا دیں آنٹی

احمد نے پیچھے سے آواز لگائی

!!...احسن نے ایک بار پھر بے بسی سے احمد کی طرف دیکھا

!!....کمینے تو مجھے مروائے گا آج

احسن نے دھیمے سے اس کے کان کے قریب منہ کر کے کہا

!!!.....رباب

!!!....اس لڑکی نے مسکراتے ہوئے بلا کسی جھجک کے جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!....تھینک یو رباب آنٹی بائے بائے

احمد نے ہاتھ سے بائے بائے کیا

!!.....بائے احمد

!!!.....رباب نے جواب میں ہاتھ ہلایا اور چلتی بنی

!!!....کیا بکواس کر رہا تھا تو کہ اس کی شکل تمہاری چچی سے ملتی ہے جھوٹے کہیں کے

!!!....احسن نے رباب کے جانے کے بعد احمد کو گود سے اتار کر نیچے کھڑا کر دیا

!!.....اچھی خاصی تو خوبصورت ہے میں نے کہا ٹرائی مارتا ہوں شاید آپ کا کام بن جائے

احمد نے لاپروائی سے کہا

خدا کے لیے آئندہ ایسا مت کرنا ورنہ تمہاری اس ٹرائی میں میری عزت کا فالودہ ہونے والا

!!!....تھا اور ویسے بھی تمہیں میرے لیے لڑکی کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے

!!!.....احسن نے احمد کے سامنے ہاتھ جوڑ دیئے

!!!....آپ نے خود ہی تو کہا تھا کہ تم ڈھونڈ لو میرے لیے کوئی لڑکی

...احمد الٹا خفا ہوا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

غلطی ہو گئی میرے باپ مجھے نہیں پتہ تھا تو اس طرح سارے عام لڑکی ڈھونڈنے لگ جائے گا....!!!

احسن نے کانوں کو ہاتھ لگایا

احمد منہ بنا کر کھڑا ہو گیا....!!!

جناب کا غصہ اتر گیا ہو تو گھر چلیں.....؟؟

احسن نے باادب ہو کر کہا....!!!

آپ جائیں میں ڈرئیور کو کال کر دیتا ہوں وہ مجھے پک کر لے گا.....!!!

احمد نے منہ موڑ کر کہا

اوئے ہوئے کیا نکھرا ہے باس تو جناب ہم بھی تو آپ کے ڈرئیور ہی ہیں.....!!!

احسن نے احمد کو گود میں اٹھا کر گدگدی کی تو وہ کھل کھلا کر ہنس پڑا.....!!!

بدمعاش کہیں کے.....!!!

احسن نے اس کے گال پر بوسہ دیا اور پارکنگ کی طرف چل پڑا جہاں ان کی گاڑی کھڑی تھی....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماہم اکیلی گم سم بیٹھی تھی....اس کی آنکھوں کے سامنے بار بار وہ پارک والا منظر گھوم رہا تھا جب اس کی ملاقات احسن سے ہوئی تھی اور اس دن بھی احسن کو دیکھ کر اس کا دل زور زور سے دھڑکا تھا اور وہ اب بھی اس کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت کو محسوس کر سکتی تھی ماہم کے میں احسن کو محبت کی جو آگ بجھ گئی تھی اس دن اسے سامنے دیکھ کر اس بجھی ہوئی آگ سے کوئی چنگاری بھڑک اٹھی تھی وہ احسن سے ڈھیر ساری باتیں کرنا چاہتی تھی اور وہ چاہتی تھی کہ وہ یونہی اس کے سامنے کھڑا رہے لیکن ناچاہتے ہوئے بھی اس دن احسن کے ساتھ اس کا لہجہ بہت سخت تھا اور اب اس نے اس کی بیٹی اور شوہر پر احسان کر کے بتا دیا تھا کہ وہ ہر رشتے کو نبھانا جانتا ہے آج اس کی نظروں میں احسن کے لیے عزت اور بھی بڑھ گئی تھی

گھر واپس آ کر جب احسن نے محبوب اور نیلم کو وہ شاپنگ مال میں لڑکی کے ساتھ ہونے والے ٹاکرے اور احمد کی باتیں بتائی تو محبوب اور نیلم ہنس ہنس کر دوہرے ہو گے....!!!

آپ لوگ ہنس رہے ہیں اور یہ کمینہ مجھے چھترپڑ وانے والا تھا اور الٹا مجھ سے خفا ہو کہ کہہ رہا تھا کہ آپ جائیں میں ڈرئیور کو کال کر لیتا ہوں وہ مجھے یہاں سے پک کر لے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!.....گا

احسن نے پر شکوہ لہجے میں کہا

ہاہاہاہاہاہا.....تمہارے ساتھ ایسا ہی ہونا چاہیے ورنہ تم کسی اور کے قابو میں آنے والے

!!!....نہیں ہو

!!!.....نیلم نے ہستے ہوئے جواب دیا

!!!.....لو کر لو بات ماں باپ بچے سے بھی دو ہاتھ آگے ہیں

احسن نے منصوعی خفگی سے کہا

!!!.....اچھا احمد ویسے لڑکی دیکھنے میں کیسی تھی

نیلم نے احسن کی خفگی کو نظر انداز کیا

!!!.....مما لڑکی تو خوبصورت تھی

احمد نے خوشگوار لہجے میں جواب دیا

!!.....چپ اوئے افلاطون

احسن نے پھر اسے ڈانٹا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مما مجھے لڑکی پسند ہے اگر چاچو شادی نہیں کرنا چاہتے تو پلیز آپ میری شادی اس سے کروا دیں.....!!!

.....!!! احمد کی بات پر ایک بار پھر کمرے میں ایک ساتھ کئی قہقوں کی آواز گونجی

....!! استغفر اللہ اس کی عمر دیکھو اور اس کی باتیں توبہ توبہ

....!!! احسن نے کانوں کو ہاتھ لگایا

....!! چاچو میں بچہ ہوں تو کیا ہوا دل تو سب کا ہی بچہ ہوتا ہے آپ نے وہ گانا نہیں سنا

....!! دل تو بچہ ہے جی

احمد نے گانا گنگنایا

.....!!! او میرے خدا میں پاگل ہو جاؤں گا

.....!! احسن کمرے سے بھاگتا ہوا نکل گیا

.....!!! اور پیچھے قہقے سنائی دیتے رہے

احسن نے دوبارہ میجر اکبر سے بات کرنے کی کوشش کی پہلے تو اس نے ایک بار پھر صاف انکار کر دیا پھر احسن کی ضد اور جزباتی بلیک میلنگ پر اس نے مایا کے لیے سعد کا رشتہ قبول کر لیا جس پر احسن بے حد خوش تھا_____ !!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!! .... تھینک یو انکل آپ نے میرا مان رکھ لیا ورنہ میں تو مایوس ہی ہو گیا تھا

احسن نے گرمجوشی سے کہا

لیکن ایک بات یاد رکھنا احسن مایا کا رشتہ میں صرف تمہاری وجہ سے دے رہا ہوں کیونکہ میں تمہیں اپنے بیٹے کی طرح سمجھتا ہوں.....اس لیے میری مایا کا خیال رکھنا بھی

!!!.....تمہاری ذمہ داری ہے

میجر اکبر نے احسن سے بڑے مان سے کہا

آپ بے فکر رہیں انکل مایا میری چھوٹی بہن کی طرح ہے اور کوئی بھائی اپنی بہن کے لیے برا

!!....نہیں سوچ سکتا

!!!....احسن نے یقین دلایا

!!.....جیتے رہو بیٹا

حنا نے احسن کے سر پر ہاتھ رکھا

جب زین کو مایا اور سعد کے رشتے کے متعلق پتہ چلا تو وہ نے بہت شور مچایا اور شادی میں شرکت سے صاف انکار کر دیا میجر اکبر نے اسے منانے کی بہت کوشش کی لیکن اس نے آنے سے انکار کر دیا لہذا سعد اور مایا کی شادی بڑے دھوم دھام سے کر دی گئی اور شادی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے فوری بعد احسن نے سعد اور مایا کو ہنی مون کے لیے امریکہ بھیج دیا تاکہ مایا وہاں جا کر ماہم سے بھی مل لے.....!!!

اب کے بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں....!!!

جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں.....!!!

احسن چھت پر بیٹھا گنگنا رہا تھا اور اس کی آنکھوں کی نمی سے واضح تھا آج اسے کسی کی یاد بڑی شدت سے آ رہی ہے لیکن اب وہ اپنا دکھ کسی سے شئیر نہیں کرتا تھا اور اکثر چھت پر آ کر اسی جگہ بیٹھ کر یہی غزل گنگنا تا رہتا.....!!!

تو خدا ہے نا میرا عشق فرشتوں جیسا.....!!!

دونوں انسان ہیں تو کیوں اتنے حجابوں میں ملیں....

ڈھونڈا جڑے ہوئے لوگوں میں وفا کے موتی.....!!!

یہ خزانے تجھے ممکن ہے خرابوں میں ملیں.....!!!

دو آنسوں کے قطرے خاموشی آنکھوں سے گرے.....!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

چاچو آپ رو رہے ہیں.....؟؟؟

!!....یک دم سے احمد نے انٹری ماری

ایک تو تم ہر جگہ میری جاسوسی کرتے ہوئے پہنچ جاتے تمہیں اور کوئی کام نہیں

!!!....ہے

!!!....احسن نے احمد کو اٹھا کر گود میں بیٹھا لیا

چاچو جو آنٹی آپ کو چھوڑ کر چلی گئی آپ اس سے بہت پیار کرتے تھے....؟؟؟

!!!....احمد نے سوال کیا

!!.....ہو گیا شروع میرے باپ

احسن نے اس گھورا

پلیز چاچو بتائیں نا.....؟؟

!!....احمد نے ضد کی

!!!....ہاں بہت پیار کرتا تھا اتنا کہ لفظوں میں بیان نہیں کر سکتا

احسن نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو پھر وہ آپ کو چھوڑ کر کیوں چلی گئی.....؟؟؟

احمد نے دوبارہ سوال کیا

...کیونکہ میرے پاس پیسے نہیں تھے اور جس سے اس کی شادی ہوئی وہ بہت پیسے والا تھا

!!!

!!....احسن نے جواب دیا

!!! ...لیکن مما تو کہتی ہیں چاچو کے پاس بہت پیسے ہیں

!!!....احمد نے جراح جاری رکھی

اس وقت نہیں تھے یار.....اور تم میرا دماغ مت کھاؤ اور یہ بتاؤ کس لیے آئے

!!!.....تھے

!!!....احسن نے جان چھوڑوائی اور احمد سے اس کے آنے کا مقصد پوچھا

!!.....چاچو مجھے آئس کریم کھانی ہے

!!!.....احمد نے فرمائش کی

!!!.....یار تو پاپا سے کہو نا کہ لے جائے تمہیں

احسن نے لاپروائی سے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....نہیں مجھے آپ کے ساتھ جانا ہے

احمد اپنی بات پر اڑ گیا اور احسن جانتا تھا کہ اگر وہ کسی بات پر ضد کرتا تو وہ پوری کر کے

!!!.....چھوڑتا اس لیے مجبوراً اس کے ساتھ جانے کے لیے راضی ہوا

بہت برے ہو یار اور لگتا ہے سب نے پلان کر کے تمہیں میرے پیچھے لگایا ہوا ہے تاکہ

!!.....میں جلدی بھاگ جاؤں

!!!....اس نے اس کی انگلی پکڑی اور چلنے لگا

!!!....تو اس بار میں بھی کے ساتھ جاؤں گا

!!....احمد نے ایک اور حکم سنایا

!!!.....بہت اچھے کہیں آرام سے نا رہنے دینا

!!!.....احسن نے تنگ آ کر کہا تو احمد نے منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی ہنسی روکی

زین اپنے ریسٹورینٹ کے سٹاف کو کچھ سمجھا رہا تھا کہ اس کا مالک جو کہ پاکستانی تھا جس کا نام

!سہیل احمد تھا اس کی جا رہا باہر آ کر رکی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!زین اس کے استقبال کے لیے مرکزی گیٹ تک گیا

کیسے ہو زین کام کیسا چل رہا ہے؟

!اس نے گرمجوشی سے ہاتھ ملایا

!جی اللہ پاک کا شکر ہے سر

!اور کام بلکل ٹھیک چل رہا ہے

!زین نے جوابی گرمجوشی کا مظاہرہ کیا

!!سہیل احمد کے فون کی گھنٹی بجی

!جی اسلام علیکم

!!!....اس نے فون کان سے لگایا

یار احسن صاحب پاکستان گئے ہوئے ہیں جب تک وہ واپس نہیں آتے, تب تک ہم کوئی

!!میٹنگ ارینج نہیں کر سکتے

!!!سہیل احمد نے فون پر کسی سے کہا اور فون بند کر دیا

لیکن زین احسن کا نام سن کر چونک گیا کہ یہ احسن کون ہے کہیں وہی احسن تو نہیں جس

!!سے وہ بے پناہ نفرت کرتا تھا دنیا میں سب سے زیادہ نفرت وہ اسی سے کرتا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر یہ احسن صاحب کون ہیں؟

زین نے تجسس سے سوال کیا

زین تم احسن کو نہیں جانتے؟!! انہی کی سفارش پر تو تمہیں جاب ملی ہے اور وہ میرے بزنس پارٹنر بھی ہیں وہ ہی کمال کے انسان ہیں!!!

سہیل احمد نے ایک انکشاف کیا

زین پر تو جیسے بم آ گرا ہو مجسمہ حیرت بنا کھڑا سوچ رہا تھا کہ جس بندے سے وہ نفرت کرتا ہے اور یہ بات وہ اس کے منہ پر کہہ چکا ہے وہ پھر بھی اس پر مہربان ہے کیوں؟ میں نے سب کے سامنے اسے ذلیل کیا اور وہ خاموش کھڑا رہا کیونکہ وہ اس وقت کمزور تھا لیکن آج تو اس کے پاس سب کچھ تھا مال و دولت عزت شہرت... لیکن وہ اب بھی اسے سے انتقام لینے کی بجائے اس پر احسان کر رہا تھا اور اس کو جتا بھی نہیں رہا تھا اس کے دل میں احسن کے لیے نرم گوشہ پیدا ہوا.....!!!

اس کے دل نے گواہی دی.....!!

لیکن میں اس سے نفرت کیوں کرتا ہوں؟؟

اس نے خود سے سوال کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماہم کی وجہ سے ؟

ایک اور سوال پیدا ہوا

ہاں ماہم کی وجہ سے کیونکہ وہ جانتا تھا کہ ماہم اس سے محبت کرتی ہے اور اس بات پر دل ہی دل میں وہ کڑھتا رہتا تھا پر کیوں ؟

کیوں وہ بھی ماہم سے محبت کرتا تھا بے پناہ محبت اور احسن اس کا حریف تھا وہ احسن سے نفرت کرتے کرتے یہ تک بھول گیا تھا کہ جس سے وہ خود محبت کرتا ہے وہ اس کی وجہ سے کتنی تکلیف میں تھی اس کی بے پناہ زیادتیوں کے باوجود ماہم ہمیشہ اس کی وفادار رہی اور کبھی اس کے لبوں پر شکایت نہیں آئی اس نے زین کی ہر جائز اور ناجائز بات پر سر خم کیا اور پلٹ کر کوئی جواب نہیں دیا_____ زین کو خود پر غصہ آنے لگا اور ماہم سے ہمدردی محسوس ہونے لگی سہیل احمد تو چلا گیا پر اس کی ایک بات اس کے کانوں میں ابھی تک گونج رہی تھی !

تم احسن صاحب کو نہیں جانتے ؟ انہی کی سفارش پر تو تمہیں نوکری ملی ہے.....!!!

اور اب اسے لگ رہا تھا کہ وہ احسن کو جان گیا ہے !

****

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن نے احمد کو آئس کریم لے کر دی اور اس کو لے کر پارک میں چلا گیا جہاں احمد بچوں کے ساتھ کھیلنے میں مصروف ہو گیا جب کہ احسن نے ایک بنچ پر بیٹھ کر آنکھیں موند لیں.....!!

کھیلتے کھیلتے احمد کی نظر رباب پر پڑ گئی وہ بھی اپنی کسی سہیلی کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف تھی....!!!

السلام علیکم چچی!!

احمد نے پیچھے سے جا کر رباب کا ہاتھ پکڑ لیا

اومائی گاڈ احمد تم؟

تم نے تو مجھے ڈرا ہی دیا تھا!!

رباب نے دل پر ہاتھ رکھ کر کہا جو تیزی سے دھڑک رہا تھا وہ احمد کے اچانک ہاتھ پکڑنے پر ڈر گئی تھی

اور بد معاش کہیں کے, سر عام ایک کنواری لڑکی کو چچی کہہ دیا لوگ کیا کہیں گے؟؟

رباب نے پیار سے تھپڑ مارا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ آپ مجھے میرے چاچو کے لیے پسند ہیں اس طرح آپ میری ہونے والی چچی ہی ہوئی نا...!!

احمد نے دلیل دی

اس کے لیے آپ کو اپنے چاچو سے میری سیٹنگ کروانا پڑے گئی تب جا کے کوئی چانس ہیں کہ میں تمہاری چچی بنوں اور خبردار اس وقت جو تم نے مجھے چچی کہا تو آنٹی کہنا سمجھے...؟؟

رباب نے اسے ڈانٹا

اوکے آنٹی!!

احمد نے جواب دیا

شاباش یہ ہوئی نا بات!!

رباب نے اسے شاباش دی

رباب یہ بچہ کون ہے اور کتنا پیارا ہے اور تم اس کو کیسے جانتی ہو؟؟

رباب کے ساتھ آئی اس کی دوست نے احمد اور رباب کو بے تکلفی سے باتیں کرتے دیکھا تو پوچھے بنا نا رہ سکی....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!....یہ میرا لٹل اور سویٹ فرینڈ ہے احمد اور احمد یہ میری دوست ہیں فاریہ

رباب نے احمد کو فاریہ سے ملوایا

!!.....ویسے آنٹی خوبصورت تو یہ بھی بہت ہے

احمد نے اپنا منہ رباب کے کان کے قریب کر کے دھیمی آواز میں کہا

!!...لیکن فاریہ کے کانوں تک اس کی آواز پہنچ گئی

!!!چپ بدمعاش کہیں کے 'پہلے مجھے سلیکٹ کیا تھا اور اب پینترا بدل رہا ہے

رباب نے اسے دھمکایا

جبکہ فاریہ احمد کی بات سن کر اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اپنی ہنسی روکنے کی ناکام کوشش کر رہی تھی!!

اتنی دیر میں احسن احمد کو نا پا کر اسے ڈھونڈتا ہوا ادھر آ گیا

!!احمد کہاں چلے گئے تھے تم تمہیں پتہ ہے میں پریشان ہو گیا تھا

احسن نے اسے دیکھ کر کہا

!!!.سوری چاچو وہ آنٹی نظر آ گئی تھی تو ان سے دعا سلام کرنے چلا آیا

احمد نے معصومیت سے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوری,اگراس نے کوئی الٹی سیدھی حرکت کی ہے اس کے لیے میں معذرت چاہتا ہوں

!!____دراصل یہ بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا تو میرا دھیان نہیں رہا

احسن نے رباب اور فاریہ سے معذرت کی

کوئی بات نہیں ویسے بھی اب ہماری اس سے دوستی ہو گئی ہے اور دوستوں کی بات کا برا

!!....نہیں منایا جاتا

رباب نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

!!...اوہ شکریہ

احسن بھی مسکرایا

!!.....چلو احمد گھر چلیں

احسن نے اسے اٹھالیا

بائی داوے جو آفر میں نے آپ کو کی ہے اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟؟

!!....احمد نے چلتے چلتے کہا تو احسن رک گیا کہ اب کونسی سی آفر کر دی اس نے

کونسی آفر؟؟

رباب نے سوالیہ نظروں سے دیکھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میرے چاچو کی دلہن بنیں گی؟؟

احمد نے آرام سے کہا

!!احمد تم بہت بد تمیز ہوتے جارہے ہو

احسن نے غصے سے ڈانٹا تو وہ سہم گیا

سس.....سوری پتہ نہیں اسے کیا ہو گیا اس نے کبھی کسی کے ساتھ ایسا نہیں کہا پر آپ

!!...کے ساتھ دوسری بار یہی کر رہا ہے

احسن نے شرمندگی سے کہا

!!!.....مجھے تو یہ آفر قبول ہے اپنے چاچو سے پوچھ لو

رباب نے احسن کی آنکھوں میں دیکھ مسکراتے ہوئے جواب دیا تو وہ حیرت سے پلکیں

جھپکنا بھول گیا جبکہ فاریہ بھی منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی

!!...احمد نے خوشی سے نعرہ لگایا

سچی....؟؟

!!...ہاں مچی

رباب نے اسی مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رباب تم مذاق کر رہی ہو نا؟؟

فاریہ نے شاکی نظروں سے اسے دیکھا

!!!..... نہیں میں بلکل سنجیدہ ہوں چاہو تو قسم لے لو

رباب نے سنجیدگی سے جواب دیا

لیکن رباب تم اسے جانتی ہی کہاں ہو؟اور ایک انجام آدمی کی شادی کی آفر قبول کرنا کہاں کی دانشمندی ہے.....؟؟

!!!....فاریہ اس کی بات سن کر مزید حیران ہوئی

نہیں فاریہ میں احسن کو کافی عرصے سے جانتی ہوں لیکن احسن شاید مجھے نہیں پہچان سکا!!!

رباب نے اعتماد سے جواب دیا جبکہ احسن اس ساری سچویشن کو شاید مذاق کا ایک حصہ سمجھ رہا تھا!!!

احسن جس کالج میں پڑھتا تھا میں بھی اسی کالج میں پڑھتی تھی صرف ڈیپارٹمنٹ کا فرق تھا پھر رباب نے الف سے لے کر ی تک احسن کی ساری ہسٹری بتادی کہ اس کے دوستوں میں کون کون تھا وہ کون سبجیکٹ پڑھتے تھے اور اس وقت کونسا پروفیسر کونسا سا سبجیکٹ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پڑھتا تھا سب کچھ بتا دیا اور احسن حیرت سے سب کچھ سن رہا تھا کیونکہ وہ ایک ایک حرف سچ کہہ رہی تھی _____

ڈگری مکمل ہونے کے کچھ عرصے بعد احسن امریکہ چلا گیا میں نے اس سے رابطہ کرنے کی بہت کوشش کی لیکن ہمت نا کر سکی _____ بعد میں پتہ چلا کہ اس کے پاس بہت پیسہ آ گیا ہے اور اس کا شمار پاکستان کے بڑے بڑے بزنس مینوں میں ہونے لگا ہے تو جان کر بہت خوشی ہوئی...اور اس دن اچانک شاپنگ مال میں اس سے سامنا ہوا تو احمد کو دیکھ کر میں سمجھی کہ شاید احسن نے شادی کر لی ہے اور یہ اس کا بیٹا ہے لیکن بعد میں احمد کی باتوں سے پتہ چلا کہ احسن نے ابھی شادی نہیں کی _____ مجھے لگا کہ احسن شاید مجھے پہچان لے گا لیکن اس نے تو میری طرف غور سے دیکھا بھی نہیں اور آج پھر قسمت نے اس سے ملوا دیا ہے تو ایک بار پھر محبت کی بجھی ہوئی چنگاری پھر سے بھڑک اٹھی ہے.....!!!

رباب انکشاف پر انکشاف کیے جا رہی تھی احسن سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ یہ بائی چانس ملنی والی لڑکی اس کی کالج فیلو بھی ہو سکتی ہے _____ !!!

کچھ دیر ماحول میں خاموشی رہی اور اس خاموشی کو احمد کی آواز نے توڑا.....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو میں اپنی ممی پاپا کو رشتے کے لیے کب بھیجوں؟؟

احمد کے سوال پر احسن نے ایک بار پھر اسے گھورا لیکن زبان سے کچھ نہیں کہا

میں اپنے لیے بات کر رہا ہوں کیونکہ آپ نے تو شادی کرنی نہیں ہے اور میں اتنی خوبصورت لڑکی کو کسی اور کی دلہن بنتے نہیں دیکھ سکتا اس لیے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ !!....اس سے شادی میں کروں گا

احمد کی بات سن کر ایک مرتبہ پھر سنجیدہ ماحول میں ہنسی کو آواز گونجی جبکہ احسن حیرت !!!.....سے احمد کی شکل دیکھ رہا تھا

کیونکہ آنٹی آپ کو یہ آفر قبول ہے.....؟؟

احمد نے ایک بار پھر پوچھا

ہاہاہاہا، آنٹی بھی اور شادی بھی؟؟

فاریہ اور رباب نے ایک بار پھر قہقہ لگایا

!!....سوری احسن لیکن دل کے آگے کسی کی نہیں چلتی

رباب دوبارہ سنجیدہ ہو گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!چاچو مجھے نیچے اتاریں

احمد نے احسن سے کہا

احسن احمد کو اتار دیا

!!اپنا موبائل مجھے دیں

اس نے ہاتھ آگے بڑھایا اور احسن نے خاموشی سے اپنا موبائل اس کے ہاتھ میں دے

!!!....دیا

احمد چلتا ہوا رباب کے پاس آیا اور احسن کا موبائل اس کے ہاتھ میں رکھ دیا اس نے کچھ نا

!!!... سمجھتے ہوئے سوالیہ نظروں سے احمد کو دیکھا

دیکھ کیا رہی ہیں اپنا نمبر ڈائل کریں اور اس میں سیو کر دیں باقی باتیں کال پر ڈسکس کر لیں

!!!....گے

احمد نے رباب کو اشارہ کیا تو اس نے مسکراتے ہوئے اپنا نمبر احسن کے موبائل میں سیو کر

!!!....دیا اور دوبارہ موبائل احمد کی طرف بڑھایا

!!!....اب اپنے بچوں کو یہ ضرور بتانا کہ آپ دونوں کا رشتہ میں نے کروایا تھا

احمد نے موبائل رباب کے ہاتھ سے لے لیا اور احسن کی انگلی پکڑ کر گاڑی کی طرف بڑھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رباب محبت بھری نظروں سے ان دونوں کو جاتے ہوئے دیکھ رہی تھی اور مسکرا رہی تھی.....!!!

____ !! اف اللہ یہ بچہ کم اور باپ زیادہ لگ رہا ہے

فاریہ نے احمد کو جاتے ہوئے دیکھ کر کہا

****

مایا اور سعد ماہم سے ملنے اس کے گھر گئے ان کو توقع تھی کہ شاید زین کا موڈ خراب ہو گا لیکن خلاف توقع اس کا موڈ ان دونوں کو دیکھ کر بہت اچھا لگ رہا تھا اور وہ دونوں اس بات پر حیران تھے اور ماہم کے ساتھ بھی اس کا رویہ بدلا بدلا سا لگ رہا تھا سعد اور مایا کی خاطر مدارت کے بعد زین نے ان کو روکنے کی بہت کوشش کی لیکن انہوں نے معذرت کی لی اور دوبارہ آنے کا وعدہ کر کے چلے گئے....!!!

آج بہت خوبصورت لگ رہی ہو تم.....!!!

زین نے ماہم کا ہاتھ پکڑ کہا

وہ اس وقت سونے کی تیاری کر رہے تھے....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

صرف آج ہی؟؟

ماہم نے سوال کیا

!!..... نہیں تم ہمیشہ سے ہی بہت خوبصورت لگتی ہو

زین نے جواب دیا

کیا بات آج کچھ موڈ زیادہ ہی اچھا نہیں لگ رہا" پہلے کبھی ایسا نہیں کہا آپ نے؟؟

ماہم نے حیرت سے پوچھا

سوری ماہم میں احسن کی نفرت میں بھول گیا تھا کہ تم میری محبت ہو احسن کی وجہ سے میں نے تم پر بہت ظلم کیے تکلیفیں دیں پر تم نے کبھی حرف شکایت تک نہیں کہا تو مجھے احساس ہوا کہ میں اتنے خوبصورت جزبے کو نفرت کی نظر کر رہا ہوں کیونکہ جن سے محبت کی جاتی ہے ضروری نہیں کہ ان کو پالینا ہے محبت کی تکمیل ہے بلکہ جس سے محبت کی جائے اس کی خوشی میں خوش رہنا اس کے غم میں غمگیں ہونا بھی محبت ہے اور مشکل میں اس کی مدد کرنا کہ اس کو پتہ بھی نا چلے یہ بھی محبت ہے..... بلکل احسن کی طرح جس نے مجھے سمجھایا کہ اصل محبت کیا ہے !!

!!.....زین نے مسکراتے ہوئے ماہم ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے کر دبایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ا.....احسن نے وہ کہاں ملا تھا آپ کو.....؟؟

ماہم نے حیرت سے پوچھا

تمہیں پتہ ہے کہ میری جاب کس کی سفارش پر ہوئی؟؟

زین نے الٹا اس سے سوال کیا

!نہیں

ماہم نے نفی میں سر ہلایا

احسن کی وجہ سے کیونکہ اس نے ریسٹورینٹ کے مالک سے کہا تھا کہ مجھے ڈبل پے پر نوکری دے اور میں نے ماریہ کے سکول سے بھی پتہ کیا ہے اس کی فیس بھی احسن دے رہا اور میں بلاوجہ اسے دشمن سمجھتا رہا جبکہ وہ تو میرا دوست نکلا مجھ پر برا وقت آیا تو سب دوست !!!.....اور رشتے دار میرا ساتھ چھوڑ گئے اور میرا دشمن مجھ پر احسان کرتا چلا گیا

زین کی باتیں سن کر ماہم بہت حیران ہوئی اور پھر اس نے وہ بات بھی بتادی کہ اسے پہلے !!_____ سے پتہ تھا کہ ماریہ کی فیس احسن دے رہا ہے

سوری ماہم میں آج سے بلکہ ابھی سے احسن سے دشمنی ختم کرنے کا اعلان کرتا ہوں اور !!!.....میں آج دل سے کہتا ہوں کہ مجھے تم سے محبت ہے تم بہت خوبصورت ہو ماہم

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے ماہم کو بانہوں میں بھر لیا اور ماہم کی آنکھوں میں آنسو تھے پتہ نہیں یہ خوشی کے تھے یا غمی وہ خود نہیں جانتی تھی کہ وہ کیوں رو رہی ہے.....!!!

****

احسن کہاں جا رہے ہو؟

نیلم نے احسن کو کار کی چابی اٹھاتے دیکھ کر پوچھا

کسی دوست سے ملنے جا رہا ہوں _____!!

وہ چابی اٹھا کر کمرے سے نکلنے لگا...!!

احمد کو بھی ساتھ لے جاؤ مجھے بہت تنگ کر رہا ہے.....!!!

نیلم نے بیزاری سے کہا

احمد کو..... میری توبہ ہے بھابی اسے میں اپنے ساتھ نہیں لے جا سکتا یہ رستے میں کسی بھی خوبصورت لڑکی کو دیکھ کر شادی کی آفر کر دیتا ہے اور میرا فیل حال چھتر کھانے کا بلکہ بھی موڈ نہیں ہے.....!!!

احسن جلدی سے بھاگتے ہوئے گھر سے نکلا جیسے احمد اسے دبوچ لے گا.....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!! ...احسن میری بات تو سنو

!! _____ نیلم نے آواز دی لیکن احسن گاڑی لے کر رفو چکر ہو گیا

****

!!!....ابھی احسن گھر سے نکلا ہے تھا کہ دروازے پر گھنٹی بجی

!!....نیلم صاحبہ

!!....باہر کوئی لڑکی احسن صاحب سے ملنے آئی ہے

ملازمہ نے اطلاع دی

!! _____ احسن سے.....اچھا اس کو بیٹھاؤ میں آتی ہوں

نیلم نے کچھ سوچ کر جواب دیا

!!....جی بیگم صاحبہ

ملازمہ وہاں سے چلی گئی تھوڑی ہی دیر بعد نیلم گئی تو وہ کوئی اور نہیں رباب تھی احمد بھی وہاں آگیا اور رباب کو دیکھ کر بہت خوش ہوا رباب نے نیلم کو ساری صورت حال سے آگاہ کر دیا نیلم اس کی باتیں سن کر بہت محفوظ ہوئی اور دیر تک قہقے لگاتی رہی اس نے شہناز اور

!!!..... محبوب کو بھی رباب سے ملوایا تو سب نے رباب کو بہت پسند کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!....میں تو کہتی ہوں اس بار احسن کی شادی کر کے ہی واپس بھیجیں گے

نیلم نے شہناز کو مشورہ دیا

... وہ مانیں تو نا

شہناز نے بیزاری سے کہا

!!....اس کا حل ہے میرے پاس

نیلم نے اسے تسلی دی اور یوں چپکے چپکے سب نے دل ہی دل میں احسن کی شادی کرنے کی

!!!....ٹھان لی لیکن وہ اس بات سے بے خبر تھا

****

رباب بھی ایک انڈسٹریل کی بیٹی تھی جس کا کاروبار پورے ملک میں پھیلا ہوا تھا

احسن کو منانے کے لیے سب نے ایک چال چلی اور میجر اکبر کو احسن کو منانے کا ٹاسک دیا

کیونکہ سب جانتے تھے کہ احسن اس کی بات نہیں ٹال سکتا کیونکہ مایا اور سعد کے رشتے

کے لیے ہاں کر کے اس نے احسن پر بہت بڑا احسان کیا تھا لہذا میجر اکبر نے احسن

سے بات کی پہلے تو اس نے چوں چاں کی لیکن بعد میں اس کی جزباتی دھمکیوں سے ڈر کر

شادی پر رضامندی ظاہر کر دی یوں احسن کے گھر والوں نے رباب کے ماں باپ سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات کرنے کے بعد احسن کی شادی بڑے دھوم دھام سے رباب سے کر دی

****

رباب سجی سنوری پھولوں کی سیج پر بیٹھی تھی کہ کسی کی آہٹ پر اس نے سر اٹھا کر دیکھا تو احسن تھا اس نے فوری نظریں جھکا لیں.....!!!

کیسی ہو...؟

اس نے دھیمے سے لہجے میں پوچھا

میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں؟؟

اس نے بھی دھیمے سے جواب دیا

رباب ہم ایک ایسے بندھن میں بندھ چکے ہیں جس میں میاں اور بیوی دونوں کو ایک دوسرے کی محبت توجہ اور اعتبار کی ضرورت ہوتی ہے اگر یہ سب نا ہوں تو یہ رشتہ کسی کمزور کڑی کی طرح بہت جلدی ٹوٹ جاتا ہے اس لیے میں نہیں چاہتا کہ ہماری رشتے کی بنیاد کمزور کڑی سے شروع ہو اس لیے میں اپنے ماضی کے بارے میں سب کچھ سچ سچ بتانا چاہتا ہوں اور پھر احسن نے اپنے اور ماہم کے رشتے کی متعلق سب کشش بتا دیا.....!!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن میں بہت خوش قسمت ہوں کہ آپ نے مجھے بھروسے کے قابل سمجھا میری نظروں میں تمہاری عزت پہلے سے کئی گنا بڑھ گئی ہے....!!!

رباب نے احسن کی بات سن کر جواب دیا

احسن اور رباب تھوڑی ہی دیر میں گھل مل گئے اور ہنسنے مسکرانے لگے اس سے پہلے کہ بات اس سے آگے بڑھتی کسی نے زور سے دروازہ کھٹکھٹایا

کون؟؟

احسن نے جلدی سے رباب کے ہاتھ چھوڑ کر اونچی آواز میں پوچھا....!!!

دروازہ کھولیں چاچو.....!!

احمد کی آواز سنائی دی

او میرے خدا....!!

یہ افلاطون کہاں سے آگیا کباب میں ہڈی بن کر...!!

احسن نے ماتھے پر ہاتھ رکھ لیا

دروازہ کھولیں چاچو ورنہ میں شور مچادوں گا.....!!

احمد نے دھمکی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...ایک منٹ رک میرے باپ کھولتا ہوں

احسن نے جلدی سے دروازہ کھولا تو احمد دوڑتا ہوا آیا اور سیدھا جا کر رباب کے ساتھ بیڈ پر

!!!.....بیٹھ گیا

کہاں جناب ادھر کدھر.....؟؟

احسن نے ہاتھ سے اشارہ کیا

نظر نہیں آ رہا کہ سونے لگا ہوں شادی کیا کر لی آنکھیں ہی پھیر لیں بڑے دعوے کرتے

تھے کہ احمد مجھے تمہارے بغیر نیند نہیں آتی....اب آ جائے گی....؟؟

احمد خفا ہوا

!!!....ہاں آ جائے گئی نکلو یہاں سے

!!...احسن نے اسے باہر جانے کا اشارہ کیا

سوری لیکن مجھے آپ کے بغیر نیند نہیں آئے گی اس لیے میں تو سو رہا ہوں اور پلیز کوئی

!!.... مجھے تنگ نا کرے میں نے صبح اٹھ کر سکول بھی جانا ہے

وہ آرام سے رباب کے ساتھ ہی لیٹ گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رباب احسن کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی جو بے بسی سے اور غصے کی ملی جلی کیفت کے ساتھ احمد کو دیکھ رہا تھا

!!!....چاچو پلیز لائٹ بند کر دیں روشنی میں مجھے نیند نہیں آتی

اس نے ایک اور فرمائش کی

!!!..... تو مجبوراً احسن نے لائٹ بند کی اور تکیہ لے کر اس کے ساتھ ہی سو گیا

!!....افلاطون کہیں کا

احسن نے کروٹ بدلتے ہوئے کہا

چاچو آپ نے کچھ کہا.....؟؟

احمد اٹھ کر بیٹھ گیا

!!..... نہیں ابو جان میں نے کچھ نہیں کہا اب سو جاؤ پلیز

!!!....احسن نے اس کے سامنے ہاتھ جوڑ دیئے رباب کھل کھلا کر ہنس پڑی

****

احسن کا کاروبار پھیلتا چلا گیا اس نے دوسرے کئی ممالک میں بھی اپنے ہوٹل کی برانچیں کھول لیں سعد اور مایا کو امریکہ میں سیٹل ہو گئے وہاں کا سارا کام سعد دیکھ رہا تھا جبکہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ab Ke Bichde To Shayad | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاکستان میں پراپرٹی کا کام محبوب ہی دیکھ رہا تھا احسن خود لندن میں شفٹ ہو گیا جبکہ اس بار بھی احمد ان کے ساتھ ہی تھا پڑھائی کے لیے زین کے حالات بھی اب پہلے سے کئی گنا بہتر ہو چکے تھے اور ان کا ماریہ کے بعد ایک بیٹا ہوا جس کا نام انہوں احسن رکھا لیکن اور پارک والی ملاقات کے بعد احسن نے نا تو کبھی ماہم سے ملاقات کی اور نا ہی فون پر بات ہوئی وہ مکمل طور پر اسے بھولنا چاہتا تھا اور وہ اسے اپنی زندگی میں ہمیشہ کے لیے خوش دیکھنا چاہتا تھا لیکن اب بھی کبھی کبھی اسے ماہم کی یاد آتی تو وہ اپنے گھر کی چھت پر اکیلے بیٹھ کر یہ غزل گنگنا تا تھا

اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں

جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں

ڈھونڈا جڑے ہوئے لوگوں میں وفا کے موتی

یہ خزانے تجھے ممکن ہے خرابوں میں ملیں

غم دنیا بھی غم یار میں شامل کر لو

نشہ بڑھتا ہے شرابیں جو شرابوں میں ملیں

تو خدا ہے نہ میرا عشق فرشتوں جیسا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں انساں ہیں تو کیوں اتنے حجابوں میں ملیں

آج ہم دار پہ کھینچے گئے جن باتوں پر

کیا عجب کل وہ زمانے کو نصابوں میں ملیں

اب نہ وہ میں نہ وہ تو ہے نہ وہ ماضی ہے فرازؔ

جیسے دو شخص تمنا کے سرابوں میں ملیں

احمد فرازؔ

ختم شد

****

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel